ہی ہل جائے گی۔ قرض کا جو کھیل ہے اب وہ پچاس سال اور سو سال پہلے کے کھیل سے کئی گنا بڑھ گیا ہے۔ جو بڑے بڑے گھرانے ہیں' معاشی کارپوریشنز ہیں' ان کے بارے میں جلدی سے پتا نہیں چلے گا کہ ان کے پاس جو دولت و ثروت ہے' جو خزانے ہیں' کیا ان کو پیداوار (پروڈکشن) میں لگایا جا رہا ہے یا پونجی سے پونجی پیدا کی جا رہی ہے' پیسہ سے پیسہ بن رہا ہے جسے سٹہ بازی (Speculation) کہتے ہیں' جوا (Gambling) کہتے ہیں۔ دنیا کے بڑے بڑے بازار' معاشی مراکز جیسے لندن و نیویارک ہیں' یہاں پیسہ پیداوار میں کم' پیسہ سے پیسہ بنانے میں زیادہ لگایا جاتا ہے۔ اس بارے میں لکھا جانے لگا ہے کہ پیسہ کا سیدھا استعمال نہیں ہو رہا ہے بلکہ اسے قرض پر دے کر اس سے پیسہ بنایا جا رہا ہے۔ آج عام سود کی شرح تین فیصد سے لے کر دو فیصد تک ہے' لیکن جب غریب ممالک امریکہ' ورلڈ بینک اور کمرشل بینک آف یورپ سے قرض لیتے ہیں تو اس کی شرح سود ہوتی ہے دس فیصد' ۱۳ فیصد' یہاں تک کہ ۱۸ فیصد بھی۔

غور فرمایئے کہ کتنا بڑا دائرہ اور جال سود کا ہے۔ فرض کیجیے کہ امریکہ یا برطانیہ نے ہم سے تین فیصد پر قرض لیا اور اسے افریقہ کے کسی ملک سے دس فیصد سود پر دے دیا تو بہت بڑی کمائی ہوگئی کہ نہیں؟ اسی طرح بہت سے لوگ کہتے ہیں کہ ہم بھارت کو عطیہ دے رہے ہیں' وہ بھی یہی کھیل کھیل رہے ہیں۔ ایک تنظیم ہے ڈی ایف آئی ڈی' اس کے بارے میں ایک کیس سنا تھا۔ اُڑیسہ ایک غریب ریاست ہے۔ اس تنظیم نے فرض کیجیے کہ ایک ہزار کروڑ ڈالر امدادی قرض کے بطور دے دیے تو وہ لوگ یہ ایک ہزار کروڑ یک مشت نہیں دیتے بلکہ ۵۰۰ کروڑ یا ۳۰۰ کروڑ دے دیے۔ باقی جو پیسہ ہے وہ رہے گا تو ڈی ایف آئی ڈی کے خزانے میں ہی' لیکن لکھا جائے گا کہ اڑیسہ کو دے دیا گیا۔ اس کے پاس وہ رقم رہے گی تو اس پر سود بڑھتا رہے گا' جو پہلے سو کروڑ ڈالر ہوگا پھر پانچ سو کروڑ ڈالر ہو جائے گا۔ اسی پیسہ کو وہ اڑیسہ کو دے دیں گے یعنی اڑیسہ ہی کا پیسہ سود پر لگا کر اسی کو بطور قرض دیں گے۔ مجھے تو اس کی معلومات کم ہیں لیکن اگر کوئی اس کی تحقیق کرے گا' ڈیٹا اکٹھا کر کے جائزہ لے گا تو وہ حیران رہ جائے گا کہ یہ کیا ہو رہا ہے؟ اسے اس معاشی ڈاکہ زنی اور لوٹ پاٹ کو تعبیر کرنے کے لیے الفاظ نہ ملیں گے۔ یہ کھلی چوری ہے' اسی غیر اخلاقی کام اور چوری کے بل پر امریکہ و یورپ کے لوگ ترقی کر رہے ہیں' معیارِ زندگی بڑھا رہے ہیں' اخراجات بڑھا رہے ہیں۔

ہندوستان کے ایک سیاست دان آزادی سے پہلے تھے دادا بھائی نوروجی۔ انہوں نے

معیشت میں ایک Drain Theory دی تھی۔ آج ہندوستان میں معاشیات پڑھائی جاتی ہے' اس میں نہ اس تھیوری کا ذکر ملتا ہے' نہ دادا بھائی نورو جی کی کتاب آج کے ماہرین اقتصادیات نے پڑھی ہے۔ اس تھیوری کا مطلب ہے کہ ایک جگہ سے سرمایہ نکال کر دوسری جگہ اکٹھا کرلیا۔ ترقی یافتہ ممالک ہندوستان' افریقہ یا لاطینی امریکہ کا سرمایہ لے کر اپنے یہاں ڈرین کر دیتے ہیں۔ نتیجہ؟ یہاں سوکھا پڑ جائے گا' ریزروخزانہ تک ختم ہو جاتا ہے' گڑھا ہو جاتا ہے جبکہ ان کے یہاں سرمایہ اور زر کے پہاڑ کھڑے ہو جاتے ہیں۔ پہلے یہ ہوتا تھا کہ وہ فوجی حملہ کرتے اور سیدھی لوٹ پاٹ کر کے لے جاتے تھے جیسا کہ قرونِ وسطیٰ کی تاریخ میں ہوا۔ آج سود کے ذریعہ یہ لوٹ چل رہی ہے۔ سود کے بارے میں سبھی مذاہب میں خبردار کیا گیا ہے' لیکن جتنے منظم طریقہ سے فرد اور اجتماعی سطح پر جس شدت سے اسلام نے اس کا راستہ روکا ہے اتنا کسی دوسرے مذہب نے نہیں۔

عیسائیت میں بھی سودخوری کی مذمت کی گئی ہے' لیکن اسلام نے باضابطہ اصول دیے ہیں۔ سودخوری کیا ہے؟ سود کیا ہے؟ اس کو انگریزی میں Unequal Exchange بھی کہتے ہیں۔ یعنی میں آپ کو اتنی چاندی دوں گا اور بدلہ میں اتنا ہی سونا لے لوں گا۔ یہ منصفانہ معاملہ نہیں ہوا بلکہ ناانصافی ہوئی۔ ایک آدمی مجھے کوئی گھٹیا چیز دے دے' مجھ سے بہترین چیز لے لے تو یہ صحیح نہیں' یہ تو لوگوں کی مجبوری کا فائدہ اٹھا کر ہی کیا جا سکتا ہے یا ان کو بے وقوف بنا کر کیا جا سکتا ہے۔ اس لیے مذاہب نے اس کی مخالفت کی اور اسلام نے سب سے زیادہ اور باضابطہ مخالفت کی ہے' اس کی الگ الگ تقسیمیں کی ہیں۔ اب اگر ہم اس کی کوئی مہم چلاتے ہیں' اس کے خلاف لوگوں کو بیدار کرنے کے لیے آندولن چلانا چاہیں تو جلدی سے سب لوگوں کے ذہن میں نہیں آئے گا۔ ہم اس بارے میں ہندو' عیسائی' مسلمان سب سے بات کریں' کوئی بھی نہیں چاہے گا کہ ناانصافی ہو اور ظلم پر مبنی کاروبار چلے۔ لیکن ایسی کسی بھی مہم کو مسلمان ہی لے کر کھڑے ہو سکتے ہیں' اس لیے کہ ہر مسلمان کی نفسیات میں یہ بات پڑی ہوئی ہے کہ یہ پیغمبر (ﷺ) کا فرمایا ہوا ہے۔ چودہ سو سال سے مسلمان قوم کی ذہنیت اسی سے بن رہی ہے۔ یہ ان کے مذہب کا اصول ہے' اس لیے جتنی جلد اس کی سمجھ میں یہ آ جائے گا' جتنا جوش اسے محسوس ہوگا اتنی جلدی ہندو یا عیسائی کی سمجھ میں نہیں آئے گا۔ اس لیے ایسے کسی آندولن میں مسلمانوں کو ہی آگے آنا ہوگا۔

کہتے ہیں کہ دنیا ایک ہوگئی ہے۔ امریکہ کے سامان ہمارے یہاں اور پاکستان' افریقہ'

لاطینی امریکہ وغیرہ کے سامان وہاں بھیجے جاتے ہیں۔لیکن سوال یہ ہے کہ یہاں کون سا سامان آتا ہے؟ اس کو سمجھنے سے ہی سرمایہ داری کی بنیاد سمجھ میں آجاتی ہے۔ ایشیا' افریقہ' لاطینی امریکا جو مال یورپ وامریکہ کو بھیجتے ہیں' وہ کاشت کے ذریعہ پیدا خام مال ہوتا ہے' زمین کے اندر سے نکلی معدنیات ہوتی ہیں۔ خام مال کو غریب دنیا ترقی یافتہ ملکوں کو بھیجتی ہے۔اب سوال یہ ہے کہ ترقی یافتہ دنیا انہیں کیا دیتی ہے؟ جدید ٹیکنالوجی اور اس سے بنی ہوئی چیزیں' ہوائی جہاز' کمپیوٹر' موبائل ٹیلی فون۔ان کے دام کیسے لگائے جاتے ہیں؟ موٹر گاڑی میں جو المونیم لگایا جاتا ہے' وہ باکسائٹ اور المونیم کے داموں میں فرق ہے۔اسے آپ دیکھیں گے تو زمین وآسمان کا فرق پائیں گے۔ میں اڑیسہ سے آتا ہوں۔اڑیسہ میں کچھ معدنیاتی اشیاء ہیں' جن کی بہت مانگ ہے' آج کی دنیا میں بہت قیمت ہے۔آج دو چیزوں کی سب سے زیادہ اہمیت ہے' ایک ہے پٹرول اور دوسری المونیم' جو آج ایک نمبر کی دھات مانی جاتی ہے۔ یہاں ضمناً یہ بتادوں کہ لوگ سمجھتے ہیں کہ جہاں معدنیاتی ذرائع ہیں' بہار میں' جھاڑکھنڈ میں' وہاں زیادہ ترقی اور زیادہ دولت ہوتی ہے' یہ محض بے وقوفی ہے۔دنیا میں کہیں بھی بتادیجیے کہ جہاں معدنیاتی کانیں ہیں وہ ترقی یافتہ اور خوشحال ہیں' بلکہ جہاں یہ چیزیں ہوتی ہیں وہ ملک تو برباد کردیے جاتے ہیں' جو ان سے محروم ہیں وہ آباد ہیں۔ جاپان کے پاس یہ کچھ نہیں ہے لیکن وہ ترقی یافتہ ہے۔آج کی سرمایہ داری اور جدید تہذیب نے یہی حال دنیا کا بنایا ہوا ہے۔آج تو المونیم نمبر ایک کی دھات ہے' کچھ پہلے اسٹیل تھا۔اُس وقت اڑیسہ اور مدھیہ پردیش سے لوہے کا پتھر جاپان کو جاتا تھا۔ پتھر پتھر کے دام پر جاتا تھا اور جاپان اس سے جو چیز بنا کر بیچتا تھا اس کے نرخ ہوائی جہاز کے ہوتے تھے۔آج کی دنیا جو ثروت منداور غریب ملکوں میں بٹی ہے اس کا راز یہی غیر مساوی تبادلہ ہے۔آج کوئی مہاپرش یا پیغمبر آجائے تو وہ اسی غیر مساوی تبادلہ کے خلاف جہاد کرے گا۔نتیجہ یہ ہوگا کہ امریکہ غریب اور افریقہ امیر ہوجائے گا اور دنیا سے یہ غیر مساوی تبادلہ ختم ہوجائے گا۔

اسلام نے سود لینے کو منع کردیا ہے' غیر منصفانہ تبادلہ سے روکا ہے' یہ سرمایہ کی جڑ پر ضرب کاری ہے۔ معاشیات اور کاروبار میں اخلاقیات کا لحاظ رکھنا یہ اسلام کی بہت بڑی دین ہے۔قرآن نے پیسہ اور مال کے کاروبار میں بھی اخلاقیات پر بہت زور دیا ہے۔ یہ اس کی بڑی عظیم دین ہے۔نجات اللہ صدیقی صاحب کا میں نے ابھی ذکر کیا تھا۔انہوں نے اس پر ہی زور دیا ہے کہ اسلام کے معاشی نقطۂ نظر کو اپنائیں' دنیا اسے اختیار کرے۔اس کے نقطۂ نظر

کی بنیاد دو چیزوں پر ہے۔ ایک یہ کہ ربا وسود حرام ہے' دوسرے میسر' جوا (Gambling) بھی حرام ہے جو پیسہ سے پیسہ بنانے کا نام ہے اور پیسہ سے پیسہ بنانا مہا پاپ ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ موجودہ معاشی بحران سے نکلنے کا راستہ کیا ہوگا؟ جواب یہ ہے کہ چودہ سو سال پہلے بتائے گئے اصولوں میں وہ راستہ موجود ہے' اس کی رہنمائی کو قبول کر لیں تو نئی عمارت کھڑی ہو سکتی ہے۔ ہندوؤں اور یہودیوں کا جو اخلاق ہے اس کی رو سے دھن (مال) بالکل تیاگ دینا چاہیے' مال ترک کرو۔ یہ معمولی چیز نہیں لیکن ساتھ ہی یہ عام آدمی کے لیے ممکن بھی نہیں۔ قرآن کے تصور کی یہی ایک خصوصیت ہے اور امتیاز ہے کہ وہ یہ کہتا ہے کہ مال کمانا برا نہیں' مال کماؤ' سماجی بقا کے لیے' زندگی گزارنے کے لیے مال کمانا ہوگا' لیکن مال کی کمائی میں اخلاقیات کا دامن نہ چھوڑو' کیونکہ یہ مال جو آپ کے پاس ہے یہ آپ کے پاس امانت ہے' آپ اس کے ٹرسٹی ہیں۔ مہاتما گاندھی نے بھی ٹرسٹی شپ کا نظریہ پیش کیا ہے۔ مجھے لگتا ہے کہ انہوں نے اس نظریے کو اسلام سے لیا ہے' انہوں نے کہیں پڑھا ہوگا یا قرآن کا مطالعہ کیا ہوگا۔

اب سوال یہ ہے کہ قرآن کے پاس اصول کو نافذ کرنے میں پیسہ کے ادھار لین دین کا کیا ہوگا؟ اس کا طریقہ ہے جب ہم ادھار کو الگ کر دیں (موجودہ) قرض کو الگ' ہم کمزور حالت میں ہیں' پیسہ کی ضرورت ہے تو ادھار کیسے ملے گا؟ اسلام نے اس کے دو طریقے بتائے ہیں۔ سامان' کھانے کی اشیاء وغیرہ پہلے لیں' پیسہ بعد میں دیں تو اس کریڈٹ میں تھوڑا سا زیادہ پیسہ لگایا جا سکتا ہے۔ اس کو مرابحہ کہتے ہیں۔ اب اس سے آگے بڑھ کر کاروبار کرنا ہے' تجارت کرنی ہے تو وہ آگے آئے گا ''مضاربت'' کے دائرہ میں۔ مثلاً آپ کے پاس پیسہ ہے' میرے پاس نہیں ہے اور میں کوئی کام کرنا چاہتا ہوں تو آپ پیسے دے کر اس کام میں حصہ دار ہو جائے' نفع میں بھی حصہ داری ہوگی نقصان میں بھی۔ ہمیشہ نفع ہی ملے ایسا کوئی مذہبی یا اخلاقی اصول دنیا میں نہیں۔

کسی کام میں ہمیشہ آپ کو فائدہ ہی ہو نہ ایسا ہندو دھرم کہتا ہے' نہ اسلام' نہ عیسائیت' نہ یہودیت۔ یہ تو خالص سرمایہ داری کا نظریہ ہے۔ کبھی نقصان کبھی فائدہ' یہ غیر سرمایہ دارانہ نظریہ ہے۔ کیوں نہ ہم اس اصول کو اقتصادیات میں لاگو کرنے کی مہم چلائیں۔ صدیقی صاحب لکھتے ہیں: ''گزشتہ پچاس سال میں مختلف اسلامی ملکوں حتیٰ کہ بعض یورپی ملکوں میں بھی غیر سودی کاروبار کرنے والے ادارے بنے ہیں اور یہ معاشی نظریہ پھیل رہا ہے' لیکن ابھی کسی بڑے پیمانے پر اس کا چرچا نہیں ہوا ہے' جہاں کہیں تنظیمیں بنی ہیں.....'' نجات

صاحب کہتے ہیں کہ بعض مسلم حکمران جوش میں آ کے شریعت کو لاگو کرنے (شریعت لاگو ہوگی تو اسی کے مطابق اقتصادیات بھی چلے گی) کا اعلان کر دیتے ہیں' لیکن چونکہ اس کا کوئی تصور نہیں ہوتا اور وہ موجودہ سامراج واد سے دبے ہوئے ہیں' اس کے پھندے میں جکڑے ہیں اس لیے کچھ کر نہیں پاتے' کیونکہ صحیح طریقہ کا احساس وشعور ہی نہیں۔ جیسے پاکستان یا ایران وغیرہ جو جوشِ حکومت یا جوشِ عقیدت میں ایسے اعلانات کر دیتے ہیں۔ ایران میں جو برطانوی مالیاتی ادارے ہیں' ان میں اتنا تو ہے کہ غریبوں کو تعمیر کرنے کے لیے کچھ بینکوں سے پیسہ مل جاتا ہے' اس سے زیادہ نہیں۔ سرمایہ داری اور پونجی واد سے لڑنا ہو تو بلاسودی نظام معیشت اپنانی ہوگی' اسی سے معیشت میں بنیادی تبدیلی آئے گی۔ معیشت میں تبدیلی آ گئی تو نہ بل گیٹس جیسے رئیس ہوں گے اور نہ غریب ملک غریب رہیں گے۔

۱۷۶۰ء سے پہلے یعنی جب سے یورپی سامراج واد ہمارے ملکوں میں در آیا تب یورپ' ایشیا اور افریقہ کے ملکوں میں اتنا زیادہ فرق نہیں تھا۔ یورپ سے تو بھارت کی معاشی حالت اچھی تھی' چین کی اچھی تھی۔ گزشتہ تین صدیوں میں جو زبردست فرق آ گیا ہے وہ تین سو سال پہلے نہیں تھا۔ سامراج کے غلبہ کے بعد سے لگاتار یہ معاشی نابرابری بڑھ رہی ہے' بے روزگاری بڑھ رہی ہے۔ یہی دو سبب ہیں' ایک تو ہمارے یہاں سے جو سامان لے جایا جا رہا ہے اور ان کا جو سامان ہمارے یہاں آ رہا ہے' دونوں میں غیر مساوی تبادلہ ہے۔ نمبر دو انہوں نے ہمیں اپنا محتاج بنا کر رکھ دیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ اپنی معیشت کو بہتر بنانے کے لیے ہم سے قرضہ لو' قرضہ دے کر پھر وہ ہمیں لوٹتے ہیں' ان کی ترقی ہوتی ہے۔ اس بارے میں ہم لوگوں میں جا کر انہیں بیدار کریں' مہم چلائیں تو وہ ایک انقلابی کام ہوگا۔ ثروت اور مال کے بارے میں لوگوں میں جو خیالات پھیلے ہوئے ہیں ان کو دور کرنا ہوگا۔ یہ واضح کرنا ہوگا کہ مال تو ناگزیر ہے' لیکن یہ نہیں ہونا چاہیے کہ کسی کے پاس پیسہ ہے تو وہ پیسہ سے پیسہ بنائے' اس کا مال بڑھتا ہی چلا جائے' کیونکہ یہ انسانیت اور اخلاق کے خلاف ہے۔ ہماری اس کوشش سے لوگوں میں بیداری آئے گی' انسان کی شعوری بیداری ظلم و ناانصافی ختم کرنے میں کسی بھی بم یا کسی بھی میزائل سے زیادہ کارگر ہوگی۔

(بشکریہ: سہ روزہ ''دعوت'' نئی دہلی۔ ۴ مارچ ۲۰۰۵ء)

اسلامی نظامِ زندگی

مسلمان کا طرزِ حیات (۴۳)

علامہ ابوبکر جابر الجزائری کی شہرۂ آفاق کتاب

"مِنهاجُ المسلم" کا اردو ترجمہ

مترجم : مولانا عطاء اللہ ساجد

کتاب العبادات

آٹھواں باب

۶) نماز کا تفصیلی طریقہ

نماز کا تفصیلی طریقہ یہ ہے کہ:

نماز کا وقت شروع ہو جانے کے بعد مسلمان پاک صاف ہو کر، جسم کے ضروری اعضاء کو چھپا کر رو بہ قبلہ کھڑا ہو، اور نماز کی اقامت کہے۔ اقامت سے فارغ ہو کر کندھوں تک دونوں ہاتھ اٹھائے۔ اُس وقت اس کی نیت وہ نماز ادا کرنے کی ہو جو نماز پڑھنا چاہتا ہے، اور اللہ اکبر کہے۔ پھر دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ پر سینے پر رکھے۔ پھر دعائے استفتاح پڑھے اور آہستہ آواز میں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھے۔ پھر سورۃ الفاتحہ پڑھے۔ جب وَلَا الضَّالِّيْنَ پر پہنچے تو آمین کہے۔ پھر کوئی سورت پڑھے، یا جتنی آیتیں آسانی سے پڑھ سکے پڑھ لے۔ پھر کندھوں تک ہاتھ اٹھا کر اللہ اکبر کہتے ہوئے رکوع کرے۔ ہتھیلیاں گھٹنوں پر رکھے اور کمر پھیلائے۔ سر نہ زیادہ اونچا کرے نہ زیادہ نیچا کرے، بلکہ کمر کے برابر رکھے، پھر رکوع کی حالت میں تین بار یا اس سے زیادہ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ کہے۔ پھر رکوع سے سر اٹھائے اور کندھوں تک ہاتھ اٹھاتے ہوئے سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ کہے۔ جب سیدھا کھڑا ہو جائے تو کہے: رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيْهِ پھر اللہ اکبر کہتے ہوئے سجدے کے لیے جھکے۔ سجدہ سات اعضاء پر کرے، یعنی چہرہ، دونوں ہاتھ، دونوں گھٹنے اور دونوں قدم۔

پیشانی اور ناک کو زمین پر لگائے اور تین بار یا اس سے زیادہ مرتبہ سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی کہے۔ سجدہ میں بھلائی کی کوئی دعا بھی مانگ لے تو بہتر ہے۔ پھر اللہ اکبر کہتے ہوئے سجدے سے سر اٹھائے اور بائیں پاؤں کو بچھا کر اس پر بیٹھ جائے اور دایاں پاؤں کھڑا کرے اور کہے: رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاھْدِنِیْ وَعَافِنِیْ وَارْزُقْنِیْ. پھر پہلے سجدے کی طرح دوسرا سجدہ کرے۔ اس کے بعد دوسری رکعت کے لیے اٹھے اور پہلی رکعت کی طرح یہ رکعت بھی ادا کرے۔ اس کے بعد تشہد کے لیے بیٹھے۔ اگر نماز صرف دو رکعت ہو (مثلاً فجر کے فرض) تو تشہد کے بعد درود شریف پڑھے اور اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰہِ کہہ کر دائیں طرف مُنہ پھیرے' پھر اسی طرح بائیں طرف سلام پھیر کر نماز سے فارغ ہو جائے۔

اگر نماز دو رکعت سے زائد ہو تو تشہد پڑھ کر اللہ اکبر کہتا ہوا کھڑا ہو جائے اور کندھوں تک ہاتھ اٹھائے اور مذکورہ بالا طریقے سے نماز مکمل کرے۔ لیکن تیسری اور چوتھی رکعت میں صرف سورۃ الفاتحہ پڑھے۔ جب رکعتیں پوری ہو جائیں تو سرین کو زمین پر لگا کر تورّک کے طریقے سے بیٹھے۔ دایاں پاؤں کھڑا کرے' پاؤں کی انگلیوں کا نچلا حصہ زمین سے لگا ہوا ہو۔ پھر تشہد پڑھے اور نبی اکرم ﷺ پر درود پڑھے۔ جہنم کے عذاب سے' آگ کے عذاب سے' قبر کے عذاب سے' زندگی اور موت کے فتنے اور مسیح دجّال کے فتنے سے اللہ کی پناہ مانگے۔ دائیں طرف مُنہ پھیرتے ہوئے بلند آواز سے السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہے۔ بائیں طرف مُنہ پھیرتے ہوئے دوبارہ سلام کہے' اگرچہ اس کے قریب کوئی انسان موجود نہ ہو۔

۷) نماز باجماعت' امامت اور مسبوق کے مسائل

ا) نماز باجماعت

(ا) نماز باجماعت کا حکم: نماز باجماعت ہر اُس مؤمن کے لیے واجب سنت ہے جسے حاضر ہونے سے کوئی عذر مانع نہ ہو۔ ارشادِ نبویؐ ہے:

((مَا مِنْ ثَلَاثَةٍ فِیْ قَرْیَةٍ وَلَا بَدْوٍ لَا تُقَامُ فِیْھِمُ الصَّلَاةُ اِلَّا قَدِ اسْتَحْوَذَ عَلَیْھِمُ الشَّیْطَانُ' فَعَلَیْکُمْ بِالْجَمَاعَةِ' فَاِنَّمَا یَاْکُلُ الذِّئْبُ الْقَاصِیَةَ))[1]

---

۱) مسند احمد۔ و سنن ابی داوٗد' کتاب الصلاۃ' باب فی التشدید فی ترک الجماعۃ۔ و سنن النسائی' کتاب الامامۃ' باب التشدید فی ترک الجماعۃ۔ و مستدرک حاکم' کتاب الصلاۃ' باب ما من ثلاثۃ فی قریۃ او بدو...... الخ (اس میں آخری جملہ نہیں ہے) یہ حدیث صحیح ہے۔

''کسی بستی یا صحرا میں اگر تین آدمی ہوں اور ان میں نماز (باجماعت) قائم نہ ہوتی ہو تو شیطان اُن پر غالب آ جاتا ہے۔ اس لیے جماعت کو لازم پکڑو' کیونکہ بھیڑیا ریوڑ کی اُس بکری کو کھاتا ہے جو (ریوڑ سے الگ ہو کر) دور نکل جائے''۔

نیز فرمایا:

((وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَقَدْ ھَمَمْتُ اَنْ آمُرَ بِحَطَبٍ فَیُحْطَبَ ثُمَّ آمُرَ بِالصَّلَاۃِ فَیُؤَذَّنَ لَھَا ثُمَّ آمُرَ رَجُلًا فَیَـؤُمَّ النَّاسَ ثُمَّ اُخَالِفَ اِلٰی رِجَالٍ لَا یَشْھَدُوْنَ الصَّلَاۃَ فَاُحَرِّقَ عَلَیْھِمْ بُیُوْتَھُمْ)) (۱)

''قسم ہے اُس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! میں نے ارادہ کیا تھا کہ ایندھن جمع کرنے کا حکم دوں' وہ جمع کیا جائے' پھر نماز (کی اذان) کا حکم دوں تو نماز کے لیے اذان کہی جائے' پھر میں کسی شخص کو حکم دوں وہ لوگوں کو نماز پڑھا دے اور میں اُن مَردوں کی طرف چلا جاؤں جو نماز میں حاضر نہیں ہوتے' اور ان مَردوں سمیت اُن کے گھروں کو جلا دوں''۔

ایک نابینا صحابی نے عرض کیا: یارسول اللہؐ! مجھے کوئی مسجد میں لانے والا نہیں تو آپ ﷺ نے اسے (نماز باجماعت میں حاضر نہ ہونے کی) اجازت دے دی۔ جب وہ واپس ہوا تو حضور ﷺ نے اسے بلایا اور کہا: ''کیا آپ نماز کی اذان سنتے ہیں؟'' اس نے عرض کیا: جی ہاں۔ ارشاد ہوا: ''پھر (مؤذن کی پکار) قبول کرو''۔ (۲)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''میں نے دیکھا ہے کہ اس (نماز باجماعت) سے صرف منافق ہی پیچھے رہتا تھا جس کا منافق ہونا (سب کو) معلوم ہوتا تھا۔ ایک آدمی کو دو مَردوں کے درمیان سہارا دے کر لایا جاتا تھا حتیٰ کہ اسے صف میں کھڑا کر دیا جاتا''۔ (۳)

(۲) نماز باجماعت کی فضیلت: نماز باجماعت بہت فضیلت اور اجرِ عظیم کی حامل ہے۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے:

---

۱) صحیح البخاری' کتاب الاذان' باب وجوب صلاۃ الجماعۃ۔وصحیح مسلم' کتاب المساجدومواضع الصلاۃ'باب فضل صلاۃ الجماعۃ وبیان التشدید فی التخلف عنھا (نحوہ)۔

۲) صحیح مسلم' کتاب المساجد ' باب یجب اتیان المسجد علی من سمع النداء۔

۳) صحیح مسلم' کتاب المساجد' باب فضل صلاۃ الجماعۃ من سنن الھدی۔

((صَلَاةُ الْجَمَاعَةِ اَفْضَلُ مِنْ صَلَاةِ الْفَذِّ بِسَبْعٍ وَعِشْرِيْنَ دَرَجَةً)) (۱)

''نماز باجماعت اکیلے آدمی کی نماز سے ستائیس درجہ افضل ہے۔''

نیز فرمایا:

((صَلَاةُ الرَّجُلِ فِيْ جَمَاعَةٍ تَزِيْدُ عَلٰى صَلَاتِهٖ فِيْ بَيْتِهٖ وَصَلَاتِهٖ فِيْ سُوْقِهٖ بِضْعًا وَعِشْرِيْنَ دَرَجَةً وَذٰلِكَ اَنَّ اَحَدَهُمْ اِذَا تَوَضَّأَ فَاَحْسَنَ الْوُضُوْءَ ثُمَّ اَتَى الْمَسْجِدَ لَا يُرِيْدُ اِلَّا الصَّلَاةَ فَلَمْ يَخْطُ خُطْوَةً اِلَّا رَفَعَهُ اللّٰهُ بِهَا دَرَجَةً وَحَطَّ عَنْهُ بِهَا خَطِيْئَةً حَتّٰى يَدْخُلَ الْمَسْجِدَ، وَاِذَا دَخَلَ الْمَسْجِدَ كَانَ فِيْ صَلَاةٍ مَا كَانَتِ الصَّلَاةُ مَمَّا تَحْبِسُهُ ، وَالْمَلَائِكَةُ يُصَلُّوْنَ عَلٰى اَحَدِكُمْ مَا دَامَ فِيْ مَجْلِسِهِ الَّذِيْ صَلّٰى فِيْهِ ، يَقُوْلُوْنَ : اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلَهٗ، اَللّٰهُمَّ ارْحَمْهُ مَا لَمْ يُحْدِثْ)) (۲)

''مرد کا جماعت سے نماز پڑھنا اس کے گھر یا بازار میں نماز پڑھ لینے سے بیس سے زیادہ درجے بہتر ہوتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جب کوئی شخص وضو کرتا ہے اور سنوار کر وضو کرتا ہے، پھر مسجد میں آتا ہے اور صرف نماز کے ارادے سے آتا ہے، تو وہ جو قدم بھی چلتا ہے اُس قدم کے بدلے اللہ تعالیٰ اس کا ایک درجہ بلند کرتا ہے اور ایک گناہ معاف کر دیتا ہے حتیٰ کہ یہ شخص مسجد میں داخل ہو جائے۔ پھر جب وہ مسجد میں داخل ہوتا ہے تو وہ نماز ہی میں رہتا ہے جب تک نماز (باجماعت کا انتظار) اسے روکے ہوئے ہے۔ اور کوئی شخص (نماز باجماعت سے فارغ ہونے کے بعد) جب تک اس جگہ رہتا ہے جہاں اس نے نماز پڑھی تب تک فرشتے اس کے لیے دعا کرتے رہتے ہیں: ''اے اللہ اسے بخش دے! اے اللہ اس پر رحم کر!'' جب تک وہ بے وضو نہ ہو جائے''۔

(۳) نماز باجماعت کے لیے کم از کم تعداد: نماز باجماعت کے لیے کم از کم دو افراد کی موجودگی ضروری ہے، ایک امام اور ایک مقتدی۔ نمازیوں کی تعداد جتنی زیادہ ہوگی اللہ تعالیٰ کو وہ نماز زیادہ پسند ہوگی۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

---

۱) صحیح مسلم، کتاب المساجد، باب فضل صلاة الجماعة وبیان التشدید فی التخلف عنها۔

۲) صحیح البخاری، کتاب الاذان، باب فضل صلاة الجماعة۔ وصحیح مسلم، کتاب المساجد، باب فضل صلاة الجماعة وانتظار الصلاة۔

((اِنَّ صَلَاةَ الرَّجُلِ مَعَ الرَّجُلِ اَزْكٰى مِنْ صَلَاتِهٖ وَحْدَهٗ وَصَلَاتُهٗ مَعَ الرَّجُلَيْنِ اَزْكٰى مِنْ صَلَاتِهٖ مَعَ الرَّجُلِ وَمَا كَثُرَ فَهُوَ اَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى)) (۱)

''یقیناً آدمی کا ایک آدمی کے ساتھ مل کر نماز پڑھنا اکیلے کی نماز سے زیادہ پاکیزہ ہے۔ اور دو آدمیوں کے ساتھ مل کر نماز پڑھنا ایک آدمی کے ساتھ نماز پڑھنے کی نسبت زیادہ پاکیزہ تر ہے اور تعداد جتنی زیادہ ہوگی اللہ تعالیٰ کو اُسی قدر زیادہ محبوب ہوگی''۔

نماز باجماعت مسجد میں ادا کرنا افضل ہے۔ اور دور کی مسجد کا ثواب قریب کی مسجد سے زیادہ ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

((اِنَّ اَعْظَمَ النَّاسِ اَجْرًا فِی الصَّلَاةِ اَبْعَدُهُمْ اِلَيْهَا مَمْشًى)) (۲)

''نماز میں زیادہ ثواب حاصل کرنے والا شخص وہ ہے جو زیادہ دور سے اس (نماز) کی طرف چل کر آتا ہے''۔

(۴) نماز باجماعت میں عورتوں کی شرکت: عورتیں مسجد میں آ کر نماز باجماعت میں شریک ہو سکتی ہیں بشرطیکہ فتنہ کا اندیشہ نہ ہو' اور انہیں تکلیف پہنچنے کا خطرہ نہ ہو۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے:

((لَا تَمْنَعُوْا اِمَاءَ اللّٰهِ مَسَاجِدَ اللّٰهِ)) (۳)

''اللہ کی بندیوں کو اللہ کی مسجدوں سے مت روکو''

البتہ انہیں سادہ لباس میں بغیر خوشبو لگائے آنا چاہیے۔ اگر عورت نے خوشبو لگائی ہوئی ہو تو اس کے لیے مسجد میں جا کر نماز باجماعت میں شریک ہونا جائز نہیں۔ ارشادِ نبویؐ ہے:

((اَيُّمَا امْرَاَةٍ اَصَابَتْ بَخُوْرًا فَلَا تَشْهَدْ مَعَنَا الْعِشَاءَ الْآخِرَةَ)) (٤)

''جس عورت نے خوشبو لگائی ہو وہ ہمارے ساتھ عشاء کی نماز میں حاضر نہ ہو''

---

۱) مسند احمد۔ وسنن ابی داوٗد' کتاب الصلاۃ' باب فی فضل صلاۃ الجماعۃ۔ وسنن النسائی۔

۲) صحیح مسلم' کتاب المساجد' باب فضل کثرۃ الخطا الی المساجد۔

۳) صحیح مسلم' کتاب الصلاۃ' باب خروج النساء الی المساجد اذا لم یترتب علیه فتنۃ۔

٤) صحیح مسلم' کتاب الصلاۃ' باب خروج النساء الی المساجد اذا لم یترتب علیه فتنۃ وانها لا تخرج مطیبۃ۔

اور عورت کا گھر میں نماز پڑھنا افضل ہے' کیونکہ حضور ﷺ نے فرمایا ہے:

((وَبُيُوْتُهُنَّ خَيْرٌ لَّهُنَّ)) (۱)

''اور اُن کے گھر اُن کے لیے بہتر ہیں۔''

(۵) نماز باجماعت کے لیے گھر سے نکل کر راستہ طے کرنا: جو شخص مسجد میں جانے کے لیے گھر سے نکلے اس کے لیے مستحب ہے کہ پہلے بایاں پاؤں گھر سے باہر رکھے اور کہے:

بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ اَنْ اَضِلَّ اَوْ اُضَلَّ اَوْ اَزِلَّ اَوْ اُزَلَّ اَوْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ اَوْ اَجْهَلَ اَوْ يُجْهَلَ عَلَیَّ. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ بِحَقِّ السَّائِلِيْنَ عَلَيْکَ وَبِحَقِّ مَمْشَایَ هٰذَا' فَاِنِّیْ لَمْ اَخْرُجْ اَشَرًا وَلَا بَطَرًا وَلَا رِيَاءً وَلَا سُمْعَةً ' خَرَجْتُ اتِّقَاءَ سَخَطِکَ وَابْتِغَاءَ مَرْضَاتِکَ' اَسْاَلُکَ اَنْ تُنْقِذَنِیْ مِنَ النَّارِ وَاَنْ تَغْفِرَلِیْ ذُنُوْبِیْ جَمِيْعًا فَاِنَّـهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ. اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِیْ قَلْبِیْ نُوْرًا وَفِیْ لِسَانِیْ نُوْرًا' وَفِیْ سَمْعِیْ نُوْرًا' وَفِیْ بَصَرِیْ نُوْرًا' وَعَنْ يَمِيْنِیْ نُوْرًا' وَعَنْ شِمَالِیْ نُوْرًا' وَمِنْ فَوْقِیْ نُوْرًا. اَللّٰهُمَّ اَعْظِمْ فِیَّ نُوْرًا (۲)

''اللہ کے نام سے (میں گھر سے نکلتا ہوں)۔ میں نے اللہ پر بھروسا کیا۔ اللہ کی توفیق کے بغیر نہ (نیکی کی) طاقت ہے نہ (برائی سے) بچاؤ۔ اے اللہ! میں تیری پناہ میں آتا ہوں اس بات سے کہ میں راہ بھٹکوں یا بھٹکایا جاؤں' یا پھسلوں یا پھسلایا جاؤں' یا ظلم کروں یا مجھ پر ظلم کیا جائے' یا میں (کسی سے) جہالت سے پیش آؤں یا مجھ سے کوئی جہالت (اور بدتمیزی) سے پیش آئے۔ اے اللہ! میں تجھ سے اس حق کے واسطہ سے سوال کرتا ہوں جو سوال کرنے والوں کا حق تجھ پر ہے اور اپنے اس چلنے کے حق کے واسطہ سے سوال کرتا ہوں۔ میں نہ فخر و تکبر سے نکلا ہوں نہ دکھاوے اور شہرت کے لیے۔ میں تو تیری ناراضی سے بچنے کے لیے اور تیری رضا کی تلاش میں نکلا ہوں۔ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ مجھے آگ کے عذاب سے نجات دے اور میرے سب گناہ معاف کر دے' کیونکہ تیرے سوا کوئی گناہوں کو معاف نہیں کر سکتا۔

---

۱) مسند احمد ۔ و سنن ابی داؤد۔

۲) اس دعا کا ابتدائی حصہ ''يُجْهَلَ عَلَیَّ'' تک ترمذی میں ہے۔ باقی بخاری اور مسلم میں الفاظ کے معمولی فرق سے موجود ہے۔

اے اللہ! میرے دل میں بھی نور پیدا کر دے اور میری زبان میں بھی نور، اور میرے کانوں میں نور اور میری آنکھوں میں نور، اور میرے دائیں نور اور میرے بائیں نور اور میرے اوپر نور اور میرے اندر عظیم نور پیدا کر دے''۔

پھر وقار و سکون سے چلے، کیونکہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

((اِذَا اَتَیْتُمُ الصَّلَاۃَ فَعَلَیْکُمْ بِالسَّکِیْنَۃِ فَمَا اَدْرَکْتُمْ فَصَلُّوْا وَمَا فَاتَکُمْ فَاَتِمُّوْا)) (۱)

''جب تم نماز کی طرف آؤ تو آرام اور اطمینان سے آؤ۔ پس جو نماز تمہیں مل جائے پڑھ لو اور جو چھوٹ جائے وہ مکمل کر لو''۔

جب مسجد میں پہنچے تو پہلے دایاں پاؤں اندر رکھے اور کہے:

بِسْمِ اللّٰہِ ، اَعُوْذُ بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِوَجْھِہِ الْکَرِیْمِ وَسُلْطَانِہِ الْقَدِیْمِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ ، اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ (۲)

''اللہ کے نام سے داخل ہوتا ہوں۔ میں مردود شیطان سے عظمت والے اللہ کی پناہ میں آتا ہوں اور اس کے معزز چہرۂ اقدس کی پناہ میں آتا ہوں اور اس کی قدیم بادشاہی کی پناہ میں آتا ہوں۔ اے اللہ! میرے گناہ بخش دے اور میرے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے''۔

مسجد میں بیٹھنے سے پہلے دو رکعت تحیۃ المسجد پڑھے۔ ارشادِ نبویؐ ہے:

((اِذَا دَخَلَ اَحَدُکُمُ الْمَسْجِدَ فَلَا یَجْلِسْ حَتّٰی یُصَلِّیَ رَکْعَتَیْنِ)) (۳)

''تم میں سے کوئی جب مسجد میں داخل ہو تو دو رکعتیں پڑھے بغیر نہ بیٹھے''۔

البتہ اگر سورج طلوع یا غروب ہو رہا ہو تو اس وقت تحیۃ المسجد نہ پڑھے، یوں ہی بیٹھ جائے۔ کیونکہ ان دونوں وقتوں میں نماز پڑھنے سے آنحضرت ﷺ نے منع فرمایا ہے۔ (۴)

---

۱) صحیح البخاری، کتاب الاذان، باب قول الرجل فاتتنا الصلاۃ۔ اس کے بعض الفاظ مسلم میں بھی ہیں۔

۲) یہ الفاظ مختلف احادیث سے لیے گئے ہیں۔ دیکھیے سنن ابی داؤد، کتاب الصلاۃ، فیما یقولہ الرجل عند دخولہ المسجد۔ وجامع الترمذی ۔ و مسند احمد۔ وسنن ابن ماجہ۔

۳) صحیح مسلم، کتاب صلاۃ المسافرین، باب استحباب تحیۃ المسجد برکعتین وکراھۃ الجلوس قبل صلاتھما۔

٤) دیکھیے صحیح البخاری، کتاب مواقیت الصلاۃ۔ وصحیح مسلم، کتاب صلاۃ المسافرین۔

جب مسجد سے نکلے تو پہلے بایاں پاؤں مسجد سے باہر رکھے اور وہی دعا پڑھے جو مسجد میں داخل ہوتے وقت پڑھی تھی۔ لیکن اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ کے بجائے اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ فَضْلِکَ کہے (یعنی اے اللہ! میرے لیے اپنے فضل کے دروازے کھول دے)۔

ب) امامت

(۱) امام کی شرطیں: امام کے لیے شرط ہے کہ وہ مرد، نیک سیرت اور دین کی سمجھ رکھنے والا ہو۔ لہٰذا عورت کے لیے مردوں کا امام بننا درست نہیں، نہ وہ فاسق امام بن سکتا ہے جو فسق میں مشہور ہو، البتہ اگر وہ فاسق شخص حکمران ہو اور اس سے ایذا کا خطرہ ہو تو پھر اُس کے پیچھے نماز پڑھی جاسکتی ہے۔ اَن پڑھ اور دین کے مسائل سے ناواقف شخص اپنے جیسے افراد کا امام بن سکتا ہے۔ حدیث میں ہے:

((لَا تَؤُمَّنَّ امْرَاَۃٌ رَجُلًا وَلَا یَـؤُمَّ اَعْرَابِیٌّ مُھَاجِرًا وَلَا یَؤُمَّ فَاجِرٌ مُؤْمِنًا اِلَّا اَنْ یَّقْھَرَہٗ بِسُلْطَانٍ یَخَافُ سَیْفَہٗ وَسَوْطَہٗ)) (۱)

''کوئی عورت مَرد کی امام نہ بنے، اور کوئی دیہاتی مہاجر کا امام نہ بنے اور نہ فاجر شخص مؤمن (باعمل) کا امام بنے، اِلّا یہ کہ وہ اسے اپنے اقتدار کی وجہ سے مجبور کر دے جس کی تلوار یا کوڑے کا اسے ڈر ہو (تب اس کے پیچھے نماز پڑھ لے)۔''

یہ حدیث اگرچہ ضعیف ہے، لیکن اس پر اکثر علماء نے عمل کیا ہے۔ جن احادیث میں عورت کے امام بننے کا ذکر ہے اس سے مراد صرف گھر کی عورتوں اور بچوں کو جماعت سے نماز پڑھانا ہے۔ اور جن احادیث میں فاسق کے پیچھے بزرگوں کے نماز پڑھنے کا ذکر ہے وہ مجبوری کی حالت میں ہے۔

(۲) امامت کا مستحق: امام بننے کا زیادہ مستحق وہ شخص ہے جسے قرآن زیادہ یاد ہو، پھر وہ شخص جسے دین کی زیادہ سمجھ ہو، پھر وہ شخص جو زیادہ متقی ہو، پھر وہ شخص جو عمر میں بڑا ہو۔ آنحضرت ﷺ کا ارشاد ہے:

((یَؤُمُّ الْقَوْمَ اَقْرَءُ ھُمْ لِکِتَابِ اللّٰہِ، فَاِنْ کَانُوْا فِی الْقِرَاءَۃِ سَوَاءً فَاَعْلَمُھُمْ بِالسُّنَّۃِ، فَاِنْ کَانُوْا فِی السُّنَّۃِ سَوَاءً فَاَقْدَمُھُمْ ھِجْرَۃً، فَاِنْ کَانُوْا فِی

---

۱) سنن ابن ماجه، کتاب اقامة الصلاة والسنة فیها، باب فی فرض الجمعة۔

الْهِجْرَةِ سَوَاءً فَاَقْدَمُهُمْ سِلْمًا)) (۱)

''لوگوں کو وہ شخص نماز پڑھائے جو کتاب اللہ زیادہ پڑھا ہوا ہو' اگر وہ قراءت میں برابر ہیں پھر وہ جو سنت کا زیادہ عالم ہو' اگر سنت (کے علم) میں بھی برابر ہوں پھر وہ جس نے پہلے ہجرت کی ہو' اگر ہجرت میں برابر ہوں تو پھر وہ جو پہلے اسلام لایا ہے''۔

البتہ حکمران اور گھر کا مالک دوسروں سے زیادہ حق رکھتا ہے' کیونکہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے:

((لَا يَؤُمَّنَّ الرَّجُلَ فِيْ اَهْلِهٖ وَلَا سُلْطَانِهٖ اِلَّا بِاِذْنِهٖ)) (۲)

''کوئی شخص کسی کا اس کے اہل اور حلقۂ اقتدار میں امام نہ بنے مگر اس کی اجازت سے''

مذکورہ بالا حدیث میں اس جملہ کا اضافہ سعید بن منظورؒ کی روایت میں ہے۔

(۳) بچے کی امامت: بچہ نفل نماز میں امام بن سکتا ہے' فرض نماز میں نہیں' کیونکہ نفل نماز پڑھنے والے کے پیچھے فرض نماز ادا نہیں کی جا سکتی۔ اور بچے کی نماز چونکہ نفل ہوتی ہے لہٰذا فرض نماز میں وہ امام نہیں بن سکتا۔ اس کی دلیل آنحضرت ﷺ کا یہ فرمان ہے:

((لَا تَخْتَلِفُوْا عَلٰى اِمَامِكُمْ))

''اپنے امام سے اختلاف نہ کرو'' (۳)

اور نفل نماز پڑھنے والے کی اقتداء میں فرض نماز ادا کرنا امام سے اختلاف کرنا ہے۔

اس مسئلہ میں امام شافعی رحمہ اللہ نے اکثر علماء سے اختلاف کیا ہے اور فرض نماز میں بچے کی امامت کو صحیح قرار دیا ہے۔ ان کی دلیل حضرت عمرو بن سلمہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے۔ اس میں بیان ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے انہیں فرمایا تھا: ''تمہیں وہ شخص نماز پڑھائے جو زیادہ قرآن پڑھا ہوا ہے''۔ حضرت عمرو رضی اللہ عنہ کو قرآن زیادہ یاد تھا۔ وہ فرماتے ہیں: ''میں ان کی امامت

---

۱) صحیح مسلم' کتاب المساجد و مواضع الصلاۃ' باب من احق بالامامۃ۔ ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں: ''پھر وہ جو عمر میں بڑا ہو''۔

۲) یہ حدیث صحاح ستہ اور دیگر دستیاب کتب احادیث میں نہیں ملی۔

۳) ان الفاظ میں صحاح ستہ اور دیگر دستیاب کتب احادیث میں اس حدیث کا حوالہ نہیں ملا۔ لیکن آگے مسئلہ نمبر ۱۱ میں اسی مفہوم کی حامل متفق علیہ حدیث آ رہی ہے۔

کرتا تھا اور میری عمر سات سال تھی''۔ (۱)

جمہور علماء نے اس حدیث کو ضعیف قرار دیا ہے۔ (۲) وہ کہتے ہیں: اگر یہ حدیث صحیح بھی ہو تو بھی اس بات کا احتمال موجود ہے کہ رسول اللہ ﷺ کو اس بات کا علم نہیں ہوا کہ ایک بچہ ان کو نماز پڑھاتا ہے' کیونکہ وہ لوگ مدینہ سے دور صحرا میں رہتے تھے۔ ☆

(۴) عورت کی امامت: عورت عورتوں کو نماز پڑھا سکتی ہے۔ وہ صف کے درمیان کھڑی ہوگی۔ جنابِ رسول اللہ ﷺ نے اُمّ ورقہ بنت نوفل رضی اللہ عنہا کے لیے اُن کے گھر میں ایک مؤذن مقرر فرمایا تھا اور وہ اپنے گھر کے افراد کو نماز پڑھاتی تھیں۔ (۳)

(۵) نابینا شخص کی امامت: نابینا کی امامت صحیح ہے۔ جنابِ رسول اللہ ﷺ نے حضرت ابن اُمِّ مکتوم رضی اللہ عنہ کو دو بار مدینہ میں اپنا نائب مقرر فرمایا (جب حضور ﷺ جہاد کے لیے تشریف لے گئے) تو حضرت ابن اُمّ مکتوم رضی اللہ عنہ لوگوں کو نماز پڑھایا کرتے تھے حالانکہ وہ ظاہری بینائی سے محروم تھے۔ (۴)

(۶) مفضول کی امامت: افضل شخص کی موجودگی میں کم درجہ کا شخص امام بن سکتا ہے۔ کیونکہ جناب رسول اللہ ﷺ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کے

---

۱) صحیح البخاری' کتاب المغازی' باب قیل قوله تعالیٰ ﴿وَيَوْمَ حُنَيْنٍ اِذْ اَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ﴾ (نحوه)۔

۲) صحیح بخاری کی حدیث کو ضعیف کہنا عجیب ہے۔ مصنف کی اس بات کی تائید بہت مشکل ہے۔

☆ مترجم عرض کرتا ہے کہ اس مسئلہ میں امام ابن حجرؒ نے فرمایا ہے: ''یہ کہنا انصاف کے منافی ہے کہ انہوں نے اپنے اجتہاد سے یہ کام کیا تھا' آنحضرت ﷺ کو اِس کا علم نہیں ہوا۔ کیونکہ یہ ایک چیز کے عدم کی شہادت ہے اور اس لیے بھی کہ وحی نازل ہونے کے دور میں ایک ناجائز کام کو قائم نہیں رکھا جا سکتا (یعنی اگر یہ درست نہ ہوتا تو حضور علیہ السلام کو وحی کے ذریعے بتا دیا جاتا کہ کچھ حضرات یہ کام کر رہے ہیں جو درست نہیں)۔ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے عزل کے جواز کی دلیل میں یہی فرمایا کہ نبی کریم ﷺ کی حیاتِ مبارکہ میں یہ عمل ہوتا تھا۔ اگر ممنوع ہوتا تو قرآن میں اس کی ممانعت نازل ہو جاتی''۔ (دیکھئے فتح الباری' ج ۸' ص ۲۳۔)

۳) سنن ابی داؤد' کتاب الصلاة' باب امامة النساء۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

٤) سنن ابی داؤد' کتاب الصلاة' باب امامة الاعمی۔ (اس روایت میں ''دوبار'' کا لفظ نہیں)۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

پیچھے نماز پڑھی ہے۔[1] اور حضور ﷺ ان دونوں حضرات سے' بلکہ کائنات کے تمام افراد سے بلاشبہ افضل تھے۔

(۷) تیمّم سے نماز پڑھنے والے کی امامت: تیمّم کرنے والا وضو سے نماز پڑھنے والوں کا امام بن سکتا ہے۔ ایک جنگی مہم کے دوران حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے اپنے ساتھیوں کو نماز پڑھائی اور آپ رضی اللہ عنہ نے تیمّم کیا ہوا تھا جبکہ دوسرے حضرات نے وضو کیا ہوا تھا۔ رسول اللہ ﷺ کو یہ بات معلوم ہوئی تو آپ ﷺ نے منع نہیں فرمایا۔[2]

(۸) مسافر کی امامت: مسافر مقیم لوگوں کو نماز پڑھا سکتا ہے۔ لیکن اس صورت میں امام تو قصر نماز پڑھے گا اور مقیم بعد میں اپنی نماز مکمل کریں گے۔ جناب رسول اللہ ﷺ نے اہل مکّہ کو نماز پڑھائی اور حضور ﷺ حالت سفر میں تھے' تو آپ ﷺ نے انہیں فرمایا:

((یَا اَھْلَ مَکَّۃَ اَتِمُّوْا صَلَاتَکُمْ فَاِنَّا قَوْمٌ سَفْرٌ))[3]

''مکہ والو! اپنی نماز مکمل کرلو۔ ہم تو مسافر لوگ ہیں''۔

البتہ اگر مسافر کسی مقیم کے پیچھے نماز پڑھ رہا ہو تو اسے پوری نماز پڑھنی چاہیے۔ حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مقیم امام کے پیچھے پوری نماز پڑھنے کا مسئلہ پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا: ''یہ ابوالقاسم ﷺ کی سنت ہے''۔[4]

(۹) مقتدی کا امام کے ساتھ کھڑا ہونا: اگر امام کے ساتھ ایک ہی مقتدی ہو تو وہ امام کے دائیں طرف کھڑا ہو۔ اسی طرح اگر ایک عورت دوسری عورت کی اقتداء میں نماز پڑھے تو اس کے برابر کھڑی ہو۔ اور اگر امام کے ساتھ دو یا زیادہ افراد نماز پڑھیں تو وہ امام کے پیچھے کھڑے ہوں۔ اگر نماز باجماعت میں مرد اور عورتیں سبھی شریک ہوں تو مرد امام کے پیچھے کھڑے ہوں اور عورتیں مردوں کے پیچھے کھڑی ہوں۔ اگر امام کے ساتھ ایک مرد اور ایک

---

۱) صحیح البخاری۔

۲) سنن ابی داوٗد' کتاب الطھارۃ' باب اذا خاف الجنب البرد أیتیمم۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

۳) دستیاب کتب حدیث میں یہ روایت ہمیں مرفوع حدیث کے طور پر نہیں مل سکی۔ مؤطا امام مالک میں سالم بن عبداللہ نے اپنے والد سے روایت کیا ہے کہ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے اہل مکہ کو نماز پڑھائی جبکہ آپ رضی اللہ عنہ خود حالت سفر میں تھے تو آپ رضی اللہ عنہ نے ان سے یہ بات فرمائی۔ موطا امام مالك' كتاب النداء للصلاة' باب صلاة المسافر اذا كان اماما او كان وراء امام۔

٤) مسند احمد ۔ یہ واقعہ دوسرے الفاظ سے صحیح مسلم میں بھی مروی ہے۔

عورت ہو تو مرد (خواہ بچہ ہی ہو) امام کے برابر کھڑا ہو اور عورت پیچھے کھڑی ہو۔
اس کی دلیل آنحضرت ﷺ کا یہ فرمان ہے:

((خَيْرُ صُفُوْفِ الرِّجَالِ اَوَّلُهَا وَشَرُّهَا آخِرُهَا' وَخَيْرُ صُفُوْفِ النِّسَاءِ آخِرُهَا وَشَرُّهَا اَوَّلُهَا)) (۱)

''مَردوں کی اچھی صفیں پہلی صفیں ہیں اور ان کی بری صفیں (کم ثواب والی) پچھلی صفیں ہیں اور عورتوں کی اچھی صفیں پچھلی صفیں ہیں اور بری صفیں (کم ثواب والی) اگلی ہیں۔''

اس مسئلہ کی دلیل آنحضرت ﷺ کا عملِ مبارک بھی ہے۔ ایک غزوہ کے دوران حضور ﷺ نماز پڑھنے کے لیے کھڑے ہوئے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ آئے اور حضور ﷺ کے بائیں طرف کھڑے ہو گئے۔ حضور ﷺ نے انہیں گھما کر دائیں طرف کھڑا کر دیا۔ پھر حضرت جبار بن صخر رضی اللہ عنہ آ کر بائیں طرف کھڑے ہو گئے تو آنحضرت ﷺ نے ان دونوں کے ہاتھ پکڑ کر اپنے پیچھے کھڑا کر دیا۔ (۲)

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ نبی ﷺ نے انہیں اور ان کی والدہ کو نماز پڑھائی تو انہیں دائیں طرف اور خاتون کو پیچھے کھڑا کیا۔ (۳) ایک روایت میں حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''میں نے اور یتیم نے رسول اللہ ﷺ کے پیچھے صف بنائی۔ اور معمر خاتون ☆ ہمارے پیچھے کھڑی ہوئیں۔ (۴)

(۱۰) امام کا سُترہ مقتدی کے لیے کافی ہے: جب امام اپنے سامنے سُترہ رکھ کر نماز پڑھا رہا ہو تو مقتدی کو دوسرے سُترہ کی ضرورت نہیں۔ جناب رسول اللہ ﷺ کے سامنے برچھی گاڑی جاتی تھی اور آپ ﷺ اس کی طرف مُنہ کر کے نماز پڑھتے تھے' لیکن آپ ﷺ نے

---

۱) صحیح مسلم' کتاب الصلاۃ' باب تسویۃ الصفوف واقامتھا وفضل الاول فالاول منھا۔

۲) صحیح مسلم۔

۳) صحیح مسلم۔

☆ ان کا نام ملیکہ (رضی اللہ عنہا) ہے جو خادمِ رسول حضرت انس رضی اللہ عنہ کی نانی یعنی حضرت انس رضی اللہ عنہ کی والدہ حضرت ام سلیمؓ کی والدہ ہیں۔ اور یتیم صحابی کا نام ضمیرہ (رضی اللہ عنہ) ہے جو رسول اللہ ﷺ کے آزاد کردہ غلام تھے۔

٤) صحیح البخاری' کتاب الصلاۃ' باب الصلاۃ علی الحصیر۔

مقتدیوں کو الگ سے سُترہ رکھنے کا حکم نہیں دیا۔[1]

(۱۱) امام کی اتباع واجب ہے: مقتدی کے لیے ضروری ہے کہ حرکات وسکنات میں امام سے پیچھے رہے۔ امام سے پہلے کوئی حرکت کرنا حرام ہے اور کسی حرکت میں امام کے برابر رہنا مکروہ ہے۔ اگر مقتدی نے امام سے پہلے تکبیر تحریمہ کہہ لی تو واجب ہے کہ امام کے بعد دوبارہ تکبیر تحریمہ کہے، ورنہ اس کی نماز نہیں ہوگی۔ اسی طرح امام سے پہلے سلام پھیر دینے سے نماز باطل ہو جائے گی۔ اگر مقتدی امام سے پہلے رکوع یا سجدہ میں چلا گیا یا اس نے امام سے پہلے رکوع یا سجدہ سے سر اٹھا لیا تو اس پر پہلی حالت کی طرف پلٹ جانا واجب ہے تاکہ امام کے بعد وہ عمل ادا کرے۔ اس کی دلیل یہ فرمانِ نبویؐ ہے:

((اِنَّمَا جُعِلَ الْاِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهٖ فَلَا تَخْتَلِفُوْا عَلَيْهِ ، فَاِذَا كَبَّرَ فَكَبِّرُوْا، وَاِذَا رَكَعَ فَارْكَعُوْا، وَاِذَا قَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ فَقُوْلُوْا : اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ وَاِذَا سَجَدَ فَاسْجُدُوْا، وَاِذَا صَلّٰى قَاعِدًا فَصَلُّوْا قُعُوْدًا اَجْمَعُوْنَ)) [2]

''امام اس لیے مقرر کیا گیا ہے تاکہ اس کی پیروی کی جائے، لہٰذا اُس سے اختلاف نہ کرو۔ جب وہ اللہ اکبر کہے تو تم اللہ اکبر کہو، جب وہ رکوع کرے تو تم رکوع کرو، جب وہ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ کہے تو تم اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ کہو، جب وہ سجدہ کرے تب تم سجدہ کرو اور جب وہ بیٹھ کر نماز پڑھے تو سب بیٹھ کر نماز پڑھو۔''

نیز ارشاد فرمایا:

((اَمَا يَخْشٰى اَحَدُكُمْ اِذَا رَفَعَ رَاْسَهٗ قَبْلَ الْاِمَامِ اَنْ يُحَوِّلَ اللّٰهُ رَاْسَهٗ رَاْسَ حِمَارٍ، اَوْ يُحَوِّلَ صُوْرَتَهٗ صُوْرَةَ حِمَارٍ)) [3]

''کیا تمھیں اس بات کا ڈر نہیں کہ جب کوئی شخص اپنا سر امام سے پہلے اٹھا لیتا ہے تو اللہ تعالیٰ کہیں اس کا سر بدل کر گدھے کا سر نہ بنا دے یا اس کی صورت تبدیل کر کے

---

۱) صحيح البخاری۔ وصحيح مسلم، كتاب الصلاة، باب سترة المصلی۔

۲) صحيح البخاری، كتاب الاذان، باب انما جعل الامام ليؤتم به (نحوه)۔ وصحيح مسلم، كتاب الصلاة، باب النهی عن مبادرة الامام بالتكبير وغيره (نحوه) ۔

۳) صحيح البخاری، كتاب الاذان، باب اثم من رفع رأسه قبل الامام۔وصحيح مسلم، كتاب الصلاة، باب تحريم سبق الامام بركوع او سجود ونحوهما۔

گدھے کی سی شکل نہ بنا دے؟''

(۱۲) کسی عذر کی وجہ سے امام کا مقتدی کو اپنی جگہ کھڑا کر دینا: اگر امام کو نماز کے دوران یاد آ جائے کہ وہ بے وضو ہے' یا نماز کے دوران اس کا وضو ٹوٹ جائے' یا اسے نکسیر پھوٹ پڑے یا کوئی اور ایسا عذر پیش آ جائے جس کی وجہ سے وہ نماز مکمل نہ کر سکے' تو مقتدیوں میں سے کسی شخص کو اپنی جگہ کھڑا کر دے جو انہیں باقی نماز پڑھائے اور امام پیچھے ہٹ جائے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو جب نماز میں حملہ آور نے زخمی کر دیا تو انہوں نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کو اپنی جگہ کھڑا کر دیا۔[۱] اسی طرح حضرت علی رضی اللہ عنہ نے نکسیر کی وجہ سے دوسرے آدمی کو امام بنا دیا تھا۔[۲]

(۱۳) امام نماز ہلکی پڑھائے: مستحب یہ ہے کہ امام نماز کو زیادہ طول نہ دے۔ البتہ پہلی رکعت میں قراءت لمبی کر سکتا ہے' جب اسے امید ہو کہ لیٹ ہو جانے والے افراد جماعت سے مل جائیں گے۔ جناب نبی ﷺ بھی پہلی رکعت کو طویل کر دیا کرتے تھے۔ آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا:

((اِذَا صَلّٰی اَحَدُکُمْ لِلنَّاسِ فَلْیُخَفِّفْ ، فَاِنَّ مِنْھُمُ الضَّعِیْفَ وَالسَّقِیْمَ وَالْکَبِیْرَ ، وَاِذَا صَلّٰی اَحَدُکُمْ لِنَفْسِہٖ فَلْیُطَوِّلْ مَا شَاءَ))[۳]

''جب تم میں سے کوئی شخص لوگوں کو نماز پڑھائے تو نماز ہلکی پڑھے' کیونکہ ان میں کمزور' بیمار اور بوڑھا آدمی بھی ہوتا ہے۔ اور جب تم میں سے کوئی اکیلا نماز پڑھے تو جتنی چاہے لمبی کر لے''۔

(۱۴) جسے لوگ پسند نہ کرتے ہوں وہ امام نہ بنے: اگر لوگ کسی شخص کو ناپسند کرتے ہوں تو اس کے لیے مکروہ ہے کہ انہیں نماز پڑھائے' بشرطیکہ ان کی ناپسندیدگی کسی دینی سبب

---

۱) صحیح البخاری' کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ' باب قصة البیعة والاتفاق علی عثمان بن عفان رضی الله عنه۔

۲) سعید بن منصور۔

۳) صحیح البخاری' کتاب الاذان' باب اذا صلی لنفسه فلیطول ما شاء۔وصحیح مسلم' کتاب الصلاة' باب امر الائمة بتخفیف الصلاة فی تمام (نحوه) ۔

سے ہو۔ نبی ﷺ نے فرمایا:

((ثَلَاثَةٌ لَا تَرْتَفِعُ صَلَا تُهُمْ فَوْقَ رُءُ وْسِهِمْ شِبْرًا : رَجُلٌ اَمَّ قَوْمًا وَهُمْ لَـهُ كَارِهُوْنَ، وَامْرَاَةٌ بَاتَتْ وَزَوْجُهَا عَلَيْهَا سَاخِطٌ وَاَخَوَانِ مُتَصَارِمَانِ)) (۱)

''تین افراد کی نماز اُن کے سر سے ایک بالشت بھی بلند نہیں ہوتی: وہ مَرد جو کچھ لوگوں کو نماز پڑھائے اور وہ اس کو ناپسند کرتے ہوں، اور وہ عورت جس پر اُس کا خاوند رات بھر ناراض رہا، اور دو بھائی جو آپس میں قطع تعلق کیے ہوئے ہوں''۔

(۱۵) امام سے قریب کون کھڑا ہو؟ سلام پھیر کر مقتدیوں کی طرف مُنہ کرنا: مستحب ہے کہ امام سے وہ افراد زیادہ قریب کھڑے ہوں جو علم و فضل کے لحاظ سے ممتاز ہوں۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

((لِيَلِنِيْ مِنْكُمْ اُولُو الْاَحْلَامِ وَالنُّهٰى)) (۲)

''مجھ سے قریب وہ رہیں جو تم میں عقل منداور سمجھ دار ہیں''۔

امام کے لیے یہ بھی مستحب ہے کہ سلام پھیرنے کے بعد اپنی جگہ سے دائیں طرف گھوم کر نمازیوں کی طرف مُنہ کر کے بیٹھے، کیونکہ رسول اللہ ﷺ ایسے کیا کرتے تھے۔ حضرت قبیصہ بن ہُلب اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، انہوں نے فرمایا: ''نبی ﷺ ہمیں نماز پڑھاتے تھے تو دونوں جانب سے گھوم جایا کرتے تھے، (کبھی) دائیں جانب سے اور (کبھی) بائیں جانب سے''۔ (۳)

(۱۶) صفوں کی برابری: امام اور مقتدیوں کے لیے مسنون ہے کہ صفیں سیدھی کرنے کا اہتمام کریں اور انہیں بالکل سیدھا کریں۔ کیونکہ جناب رسول اللہ ﷺ مقتدیوں کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا کرتے تھے:

((تَرَاصُّوْا وَاعْتَدِلُوْا)) (٤)

---

۱) سنن ابن ماجه، كتاب اقامة الصلاة، باب من ام قوما وهم له كارهون۔ اس کی سند حسن ہے۔

۲) صحيح مسلم، كتاب الصلاة، باب تسوية الصفوف واقامتها وفضل الاول فالاول منها۔

۳) سنن ابی داؤد، كتاب الصلاة، باب كيف الانصراف من الصلاة (نحوه)۔ وجامع الترمذی، كتاب ابواب الصلاة، باب ما جاء فی الانصراف عن يمينه وعن شماله۔ امام ترمذی نے اس حدیث کو حسن کہا ہے۔

٤) مسند احمد، كتاب باقی مسند المكثرين، باب باقی المسند السابق۔

''ایک دوسرے سے مل جاؤ اور برابر ہو جاؤ''۔

اور فرماتے:

((سَوُّوْا صُفُوْفَكُمْ فَاِنَّ تَسْوِيَةَ الصُّفُوْفِ مِنْ تَمَامِ الصَّلَاةِ))(۱)

''صفیں برابر کرو، صفیں برابر کرنا نماز کی تکمیل میں شامل ہے''۔

آپ ﷺ نے فرمایا:

((لَتُسَوُّنَّ صُفُوْفَكُمْ اَوْ لَيُخَالِفَنَّ اللّٰهُ بَيْنَ وُجُوْهِكُمْ))(۲)

''تمہیں ضرور صفیں برابر کرنا ہوں گی، ورنہ اللہ تعالیٰ تمہارے درمیان اختلاف ڈال دے گا''۔

اور فرمایا:

((مَا مِنْ خَطْوَةٍ اَعْظَمَ اَجْرًا مِنْ خَطْوَةٍ مَشَاهَا رَجُلٌ اِلٰى فُرْجَةٍ فِي الصَّفِّ فَسَدَّهَا)) (۳)

''سب سے بڑے ثواب والا قدم وہ قدم ہے جسے طے کر کے کوئی شخص صف میں موجود خالی جگہ پُر کرتا ہے''۔

ج) مسبوق

جو شخص نماز باجماعت میں شروع سے شامل نہ ہو سکے، بلکہ بعد میں آ کر شامل ہو اُسے مسبوق کہتے ہیں۔ اس سے متعلق مسائل درج ذیل ہیں:

(۱) ہر حال میں امام کے ساتھ شامل ہونا: جب نمازی مسجد میں آئے اور نماز کھڑی ہو چکی ہو تو اس کے لیے ضروری ہے کہ فوراً امام کے ساتھ شامل ہو جائے چاہے امام کسی بھی حالت میں ہو، رکوع میں ہو یا سجدے میں، جلسہ میں ہو یا قیام میں، کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے:

((اِذَا اَتَى اَحَدُكُمُ الصَّلَاةَ وَالْاِمَامُ عَلٰى حَالٍ فَلْيَصْنَعْ كَمَا يَصْنَعُ الْاِمَامُ)) (٤)

---

۱) صحيح البخاری۔ وصحيح مسلم، كتاب الصلاة، باب تسوية الصفوف واقامتها وفضل الاول فالاول منها۔

۲) جامع الترمذی، كتاب الصلاة، باب ما جاء فی اقامة الصفوف۔ **امام ترمذی نے اسے حسن کہا ہے۔**

۳) مسند بزار۔ **یہ حدیث حسن ہے۔**

٤) جامع الترمذی، كتاب الجمعة عن رسول الله ﷺ، باب ما ذكر فی الرجل يدرك الامام وهو ساجد كيف يصنع۔

''جب کوئی نماز کے لیے آئے اور امام کسی حالت میں ہو تو وہ بھی اسی طرح کرے جس طرح امام کرتا ہے۔''

اس حدیث کی سند اگرچہ ضعیف ہے لیکن اکثر علماء کا عمل اسی پر ہے' کیونکہ دوسری روایات سے اس کی تائید ہو جاتی ہے۔

(۲) رکوع میں ملنے سے رکعت شمار ہو جاتی ہے: مقتدی جب امام سے رکوع میں آ کر ملے جب کہ امام نے رکوع سے ابھی سر نہ اٹھایا ہو تو مقتدی کی وہ رکعت ہو جاتی ہے' کیونکہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ہے:

((اِذَا جِئْتُمْ اِلَى الصَّلَاةِ وَنَحْنُ سُجُوْدٌ فَاسْجُدُوْا وَلَا تَعُدُّوْهَا شَيْئًا ' وَمَنْ اَدْرَكَ الرَّكْعَةَ فَقَدْ اَدْرَكَ الصَّلَاةَ))

''جب تم نماز کی طرف آؤ اور ہم سجدے میں ہوں تو سجدہ کرو اور اسے کچھ بھی شمار نہ کرو۔ اور جس نے رکعت (۲) کو پالیا اس نے نماز کو پالیا۔''

(۳) باقی ماندہ نماز کو امام کے سلام پھیرنے کے بعد پورا کرنا: جب امام سلام پھیرے تو مقتدی کو چاہیے کہ جو رکعتیں اس سے چھوٹ گئی ہیں ان کی ادائیگی کے لیے اٹھ کھڑا ہو۔ اگر چاہے تو آخری رکعتوں کو فوت شدہ سمجھ لے (یعنی امام کے ساتھ پڑھی ہوئی رکعتوں کو اپنی ابتدائی رکعتیں سمجھ لے)۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

((فَمَا اَدْرَكْتُمْ فَصَلُّوْا وَمَا فَاتَكُمْ فَاَتِمُّوْا))(۳)

''جو پاؤ وہ پڑھ لو اور جو تم سے چھوٹ جائے وہ پوری کر لو۔''

مثلاً اگر مقتدی کو امام کے ساتھ مغرب کی ایک رکعت ملی ہو تو اٹھ کر دو رکعتیں پڑھے۔ ان دو میں سے پہلی رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے ساتھ دوسری سورت بھی پڑھے اور دوسری میں صرف سورۃ الفاتحہ پڑھے۔ پھر تشہد پڑھ کر سلام پھیر دے۔ اگر چاہے تو ابتدائی رکعتوں کو فوت شدہ سمجھ لے' یعنی اگر مغرب کی ایک رکعت چھوٹ گئی ہے تو اٹھ کر وہ رکعت سورۃ الفاتحہ اور دوسری

---

۱) سنن ابی داؤد' کتاب الصلاۃ' باب فی الرجل یدرك الامام ساجدا کیف یصنع۔

۲) حدیث میں الرکعۃ کا لفظ ہے۔ اگر اس کا معنی رکوع کیا جائے پھر تو رکوع کی رکعت کی دلیل بن سکتی ہے' ورنہ اس کا یہ مطلب ہوگا کہ جسے جماعت کے ساتھ ایک رکعت بھی مل گئی اسے نماز باجماعت کا ثواب مل گیا۔

۳) صحیح البخاری' کتاب الاذان' باب لا یسعی الی الصلاۃ ولیأت بالسکینۃ والوقار۔

سورت کے ساتھ پڑھے' پھر تشہد پڑھ کر سلام پھیرے' کیونکہ دوسری روایت میں یہ الفاظ ہیں:

((وَمَا فَاتَكُمْ فَاقْضُوْا))[1]

''جو تم سے چھوٹ جائے اس کی قضا دو۔''

بعض علمائے محققین نے اس قول کو ترجیح دی ہے کہ جو رکعت امام کے ساتھ ملی ہے وہ پہلی رکعت شمار کی جائے۔

(۴) امام کے پیچھے مقتدی کی قراءت : جہری نماز میں مقتدی پر امام کے پیچھے قراءت کرنا واجب نہیں' اس کے لیے سنت یہی ہے کہ خاموشی سے امام کی قراءت سنے۔ امام کی قراءت اس کے لیے کافی ہے۔ کیونکہ ارشادِ نبویؐ ہے:

((مَنْ كَانَ لَهُ اِمَامٌ فَقِرَاءَةُ الْاِمَامِ لَهُ قِرَاءَةٌ))[2]

''جس شخص کا امام ہو تو امام کی قراءت اس کی قراءت ہے۔''

ایک بار آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

((مَا لِيْ اُنَازَعُ الْقُرْآنَ))

''کیا وجہ ہے کہ مجھ سے قرآن پڑھنے میں کشمکش ہوتی ہے؟''

تو لوگوں نے جہری نماز میں قراءت کرنا چھوڑ دی۔ [3]

نیز فرمایا:

---

۱) سنن النسائی' کتاب الامامة' باب السعی الی الصلاة۔

۲) مسند احمد۔ وسنن ابن ماجه' کتاب اقامة الصلاة' باب اذا قرء الامام فأنصتوا۔ **زوائد میں ہے: ''اس کی سند میں جابر جعفی ہے' وہ کذاب ہے''۔**

۳) جامع الترمذی' کتاب ابواب الصلاة' باب ما جاء فی ترك القراء ة خلف الامام اذا جهر الامام بالقراء ة۔ **امام ترمذی نے اسے حسن کہا ہے۔ امام ترمذی نے اس باب سے پہلے ایک اور باب باندھا ہے جس کا عنوان ہے:** ''باب ما جاء فی القراء ة خلف الامام''۔ **اس باب میں امام ترمذی نے حضرت عبادہ بن صامت ؓ کی حدیث روایت کی ہے' انہوں نے فرمایا: جناب رسول اللہ ﷺ نے صبح کی نماز پڑھائی۔ آپؐ پر قراءت دشوار ہو گئی۔ جب حضور ﷺ فارغ ہوئے تو فرمایا: ''میں سمجھتا ہوں کہ تم اپنے امام کے پیچھے قراءت کرتے ہو''۔ ہم نے عرض کیا ''جی ہاں یارسول اللہ''۔ فرمایا: ''قراءت نہ کرو سوائے اُمّ القرآن کے' کیونکہ جو شخص یہ (سورۃ الفاتحہ) نہ پڑھے اس کی نماز نہیں ہوتی''۔ اس حدیث کو بیان کر کے امام ترمذی ؒ فرماتے ہیں: ''عبادہ ؓ کی حدیث حسن ہے''۔**

((اِنَّمَا جُعِلَ الْاِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهٖ فَاِذَا كَبَّرَ فَكَبِّرُوْا ' وَاِذَا قَرَأَ فَاَنْصِتُوْا))[1]

''امام اس لیے مقرر کیا جاتا ہے کہ اس کی اقتداء کی جائے' جب وہ اللہ اکبر کہے تو تم اللہ اکبر کہو اور جب وہ پڑھے تو تم خاموش رہو۔''

البتہ سری نماز میں قراءت مسنون ہے۔ اسی طرح امام کے سکتات میں سورۃ الفاتحہ پڑھنا مستحب ہے۔

(۵) جب فرض نماز کی اقامت ہو جائے تو نفل شروع کرنا جائز نہیں: جب فرض نماز کی جماعت کھڑی ہو جائے تو نفل نماز شروع کرنا جائز نہیں۔ اور اگر نمازی نفل نماز پڑھ رہا ہو اور اقامت ہو جائے تو اگر رکوع سے سر نہیں اٹھایا تو نماز توڑ دے ورنہ رکعت پوری کر لے' لیکن ہلکی پڑھے۔ ارشادِ نبویؐ ہے:

((اِذَا اُقِيْمَتِ الصَّلَاةُ فَلَا صَلَاةَ اِلَّا الْمَكْتُوْبَةَ))[2]

''جب نماز قائم کی جائے تو کوئی نماز نہیں سوائے فرض نماز کے۔''

(۶) اگر عصر کی اقامت ہو جائے اور نمازی نے ظہر نہ پڑھی ہو: اس مسئلہ میں علماء کرام کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے کہ اگر ایک شخص نے ابھی ظہر کی نماز نہ پڑھی ہو اور عصر کی جماعت کھڑی ہو جائے تو وہ کیا کرے؟ بعض علماء کے نزدیک اسے ظہر کی نیت سے جماعت کے ساتھ شامل ہو جانا چاہیے۔ اس سے فارغ ہو کر عصر کی نماز پڑھ لے۔ ایک قول یہ ہے کہ عصر کی نیت کر کے جماعت میں شامل ہو۔ فارغ ہو کر ظہر کی نماز پڑھے اور پھر دوبارہ عصر پڑھے تاکہ نمازوں میں ترتیب قائم رہے۔ اگر یہ حدیث نہ ہوتی کہ ''امام سے اختلاف نہ کرو'' تو ہمارے خیال میں ظہر کی نیت سے جماعت میں شامل ہونا افضل ہوتا۔ لہٰذا احتیاط کا تقاضا یہ ہے کہ امام کے ساتھ عصر کی نیت سے شامل ہو اور بعد میں ظہر اور عصر ادا کرے۔ اس صورت میں امام کے ساتھ پڑھی ہوئی اس کی نماز نفل بن جائے گی۔

(۷) صف کے پیچھے اکیلا کھڑا ہو کر نماز نہ پڑھے: مقتدی کے لیے صف کے پیچھے اکیلا

---

۱) صحيح مسلم' كتاب الصلاة' باب ائتمام الماموم بالامام۔ **اس روایت میں یہ الفاظ نہیں ''جب وہ پڑھے تم خاموش رہو''۔ یہ الفاظ ایک اور باب میں ہیں۔**''باب حجة من قال لا يجهر بالبسملة''.

۲) صحيح مسلم' كتاب صلاة المسافرين وقصرها' باب كراهة الشروع فى النافلة بعد شروع المؤذن۔

کھڑا ہونا جائز نہیں۔ اگر وہ جان بوجھ کر اکیلا کھڑا ہوگا تو اس کی نماز نہیں ہوگی۔ ایک شخص نے صف کے پیچھے اکیلا کھڑے ہو کر نماز پڑھی تھی۔ آنحضرت ﷺ نے اسے فرمایا:

((اِسْتَقْبِلْ صَلَاتَکَ فَلَا صَلَاةَ لِرَجُلٍ فَرْدٍ خَلْفَ الصَّفِّ))(۱)

''نئے سرے سے نماز پڑھو، صف کے پیچھے اکیلے آدمی کی نماز نہیں۔''

اگر امام کے دائیں طرف کھڑا ہو جائے تو کوئی حرج نہیں۔

(۸) پہلی صف افضل ہے: نماز باجماعت میں پہلی صف میں اور امام کے دائیں طرف کھڑے ہونے کی کوشش کرنا مستحب ہے۔ ارشادِ نبویؐ ہے:

((اِنَّ اللّٰهَ وَمَلَائِکَتَهٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی الصَّفِّ الْاَوَّلِ)) قَالُوْا: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَعَلَی الثَّانِیْ؟ قَالَ : ((اِنَّ اللّٰهَ وَمَلَائِکَتَهٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی الصَّفِّ الْاَوَّلِ)) قَالُوْا: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَعَلَی الثَّانِیْ؟ قَالَ : ((وَعَلَی الثَّانِیْ))(۲)

''بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے پہلی صف پر رحمت بھیجتے ہیں''۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے دوسری صف کے متعلق دریافت فرمایا تو آنحضرت ﷺ نے فرمایا: ''بے شک اللہ تعالیٰ اور اُس کے فرشتے پہلی صف پر رحمت بھیجتے ہیں''۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے دوبارہ دوسری صف کے متعلق دریافت فرمایا تو آنحضرت ﷺ نے فرمایا: ''اور دوسری صف پر بھی۔''

نیز ارشاد ہے:

((خَیْرُ صُفُوْفِ الرِّجَالِ اَوَّلُهَا وَشَرُّهَا آخِرُهَا، وَخَیْرُ صُفُوْفِ النِّسَاءِ آخِرُهَا وَشَرُّهَا اَوَّلُهَا))(۳)

''مردوں کی بہترین صفیں اگلی اور نکمی صفیں پچھلی ہیں۔ اور عورتوں کی بہترین صفیں پچھلی اور نکمی صفیں اگلی ہیں۔''

---

۱) سنن ابن ماجه، کتاب اقامة الصلاة والسنة فیها، باب صلاة الرجل خلف الصف وحده۔ ومسند احمد، ج ٤، ص ٢٣۔ اس کی سند حسن ہے۔

۲) مسند احمد، ج ٤، ص ٢٩٦ (اس میں دوسری صف کا ذکر نہیں)۔ وطبرانی، معجم کبیر، ح ٧٧٢٧ (صرف پہلا فقرہ)۔ اس کی سند جید ہے۔ سنن ابی داوٗد، کتاب الصلاة، ابواب الصفوف، باب تسویة الصفوف (صرف پہلا فقرہ)۔

۳) صحیح مسلم، کتاب الصلاة، باب تسویة الصفوف واقامتها وفضل الاول فالاول منها۔

ایک اور حدیث میں ارشاد فرمایا:

((اِنَّ اللّٰهَ وَمَلَائِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى مَيَامِنِ الصُّفُوْفِ)) (۱)

''بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے صفوں کی دائیں سمت پر رحمتیں بھیجتے ہیں۔''

اور فرمایا:

((تَقَدَّمُوْا فَاْتَمُّوْا بِیْ وَلْيَاْتَمَّ بِكُمْ مَنْ بَعْدَكُمْ ، لَا يَزَالُ قَوْمٌ يَتَاَخَّرُوْنَ حَتّٰى يُؤَخِّرَهُمُ اللّٰهُ)) (۲)

''آگے بڑھو اور میری اقتداء کرو اور جو تمہارے بعد ہیں وہ تمہاری اقتداء کریں۔ اور کچھ لوگ (سستی کی وجہ سے) ہمیشہ پیچھے رہ جاتے ہیں حتیٰ کہ (اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ قیامت کو) اللہ تعالیٰ ان کو (دوسروں سے) پیچھے کر دے گا۔''

---

۱) سنن ابی داوٗد، کتاب الصلاۃ، باب من یستحب ان یلی الامام فی الصف و کراھیۃ التاخر۔

۲) صحیح مسلم، کتاب الصلاۃ، باب تسویۃ الصفوف واقامتھا وفضل الاول فالاول منھا۔

تذکیر و موعظت

دُکھ اور تکلیف کا اُمید افزا پہلو

تحریر: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

انسانی زندگی میں دکھ سکھ ساتھ ساتھ چلتے ہیں۔ آدمی پر بیماری بھی آتی ہے' جو زندگی میں تلخی اور تکلیف کا باعث ہوتی ہے۔ ایسی حالت میں اسلام حوصلہ دیتا ہے کہ بیماری کی وجہ سے انسان کے گناہ معاف ہوتے ہیں۔ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''مردِ مؤمن کو جو بھی دکھ' بیماری' پریشانی' رنج وغم اور اذیت پہنچتی ہے' یہاں تک کہ اُسے کانٹا بھی چبھتا ہے تو اللہ تعالیٰ ان چیزوں کے ذریعے اس کے گناہ معاف کر دیتا ہے''۔ (بخاری ومسلم) پس بیماری بھی ایک طرح سے رحمت ہے' کیونکہ کوئی فردِ بشر ایسا نہیں جس سے کبھی گناہ کا صدور نہ ہوا ہو۔ یوں ہر شخص کو اللہ کی رحمت کی ضرورت ہے جو اُس کے گناہوں کو مٹا دے۔ چنانچہ بیماری اور مصیبت گناہوں کا کفارہ بن جاتی ہیں۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''کسی مردِ مؤمن کو جو بھی تکلیف پہنچتی ہے' مرض سے یا اس کے علاوہ' اللہ تعالیٰ اس کے ذریعے اس کے گناہوں کو اس طرح جھاڑ دیتا ہے جس طرح خزاں رسیدہ درخت اپنے پتے جھاڑ دیتا ہے''۔
(بخاری ومسلم)

ذرا غور کیجئے! جب کوئی بندہ بیمار ہو اور اس کے سامنے اسلام کی یہ تعلیم ہو کہ بیماری کی تکلیف اُس کے لئے گناہوں کے مٹانے کا وسیلہ بن جائے گی تو جہاں اُس کے لئے تکلیف

قابل برداشت ہو جائے گی وہاں اس کو ایک گونہ سکون بھی ہوگا کہ اس پر سے گناہوں کا بوجھ اتر رہا ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اللہ کے بعض ایمان والے بندوں یا ایمان والی بندیوں پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے مصائب اور حوادث آتے رہتے ہیں' کبھی اس کی جان پر' کبھی اس کے مال پر' کبھی اس کی اولاد پر (اور اس کے نتیجہ میں اس کے گناہ جھڑتے رہتے ہیں) یہاں تک کہ مرنے کے بعد وہ اللہ کے حضور اس حال میں پہنچتا ہے کہ اس کا ایک گناہ بھی باقی نہیں ہوتا''۔ (جامع ترمذی) بعض لوگ دنیا میں حد سے زیادہ دکھ' تکلیف اور بیماری کا شکار بنتے ہیں۔ ان لوگوں کو اجر اُسی مقدار میں ملے گا جس مقدار میں انہوں نے مصیبت اٹھائی۔

بیمار کی عیادت بھی بہت بڑا کارِ ثواب ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خود نہ صرف مسلمان بلکہ غیر مسلموں کی عیادت کے لئے بھی تشریف لے جایا کرتے تھے۔ ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''بھوکوں کو کھانا کھلاؤ' بیماروں کی عیادت کرو اور جو لوگ ناحق قید کر دیئے گئے ہوں ان کی رہائی کی کوشش کرو''۔ (بخاری)

کبھی کبھی کوئی مصیبت یا پریشانی انسان کی اپنی غلطی کی وجہ سے بھی ہوتی ہے۔ ایسی صورت میں انسان عملی طور پر اپنی غلطی کی اصلاح کرے۔ ہر مصیبت اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوتی ہے۔ ﴿مَا أَصَابَ مِن مُّصِيبَةٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ﴾ ہر مصیبت کو صرف اللہ کے غضب اور قہر کا ظہور ہی نہیں سمجھنا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں کے لئے ان میں خیر اور رحمت کا بڑا سامان ہے۔ ان کے ذریعے گناہوں کی صفائی اور تطہیر ہوتی ہے' اللہ تعالیٰ کی رحمتیں برستی ہیں' درجات بلند ہوتے ہیں اور اعمال میں کوتاہیوں کی تلافی ہوتی ہے۔

دنیا میں آنے والی تکالیف اور بیماریاں اجر و ثواب کا باعث بنتی ہیں۔ بس شرط یہ ہے کہ آدمی شکوہ شکایت زبان پر نہ لائے' صبر کا مظاہرہ کرے اور اجر کی امید رکھے۔ قیامت کے روز بعض لوگ ایسے بھی ہوں گے کہ ان کے اعمالِ حسنہ بخشش کے لئے کافی نہ ہوں گے' مگر دنیا میں برداشت کی جانے والی تکالیف کا اجر اعمالِ حسنہ کی کمی کو پورا کر دے گا اور حساب کے وقت اُن پر یہ بات ظاہر ہو جائے گی کہ دنیا کی زندگی میں آنے والی مصیبتیں اور بیماریاں اگر نہ ہوتیں تو نجات نہ ہو سکتی۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''قیامت کے دن جب ان بندوں کو جو دنیا میں مبتلائے مصائب رہے' ان مصائب کے عوض

اجر وثواب دیا جائے گا تو وہ لوگ جو دنیا میں ہمیشہ آرام وراحت سے رہے حسرت کریں گے کہ کاش دنیا میں ہماری کھالیں قینچیوں سے کاٹی گئی ہوتیں''۔(ترمذی)

اللہ تعالیٰ کی رحمت کا اندازہ کیجئے کہ ایک آدمی جو صحت کے ایام میں ذکر اذکار اور نیک اعمال کرتا ہے جب کبھی وہ بیمار ہو کر اپنے اعمالِ حسنہ ادا کرنے کے قابل نہ رہے تو اللہ تعالیٰ اپنی مہربانی سے اس کو بیماری کے دنوں میں وہی اجر دیتا ہے جو اُسے اعمال حسنہ کرنے پر ملتا تھا۔ یہ اس لئے کہ اگر وہ بندہ بیمار نہ ہوتا تو اپنے اعمال حسنہ کے معمولات پر ضرور عمل پیرا رہتا۔

الغرض دنیاوی زندگی میں بندۂ مؤمن کو پیش آنے والے صدمات' تکالیف یا بیماریاں اس کے لئے درجات کی بلندی' گناہوں کی معافی اور نجات کا ذریعہ بن جائیں گی۔ اللہ تعالیٰ چاہے تو اپنے کسی بندے کو بغیر کسی عمل کے بھی بخشش سے نواز سکتا ہے مگر بتقاضائے حکمت وہ بندے کی تکالیف اور بیماریوں کو اس کے لئے وسیلۂ نجات بنا دیتا ہے یا پھر کسی دوسرے بندے کی اس کے حق میں کی جانے والی دعا کے طفیل اس کی بخشش کر دیتا ہے۔ بہرحال صبر اور ثبات کی توفیق بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ چنانچہ اسی سے نیکی اور صبر کی توفیق طلب کرنی چاہئے۔

وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلاَّ بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

دُکھ اور تکلیف کا اُمید افزا پہلو

تحریر: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

اگر اسلام کو امید کا دین کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا' کیونکہ یہ ایسا ضابطۂ حیات ہے جو اپنے ماننے والوں کو کسی بھی حال میں مایوس نہیں کرتا۔ غربت اور بدحالی میں یہ فراخی اور خوش حالی کی امید دلاتا ہے۔ بیماری میں صحت کی امید کے ساتھ ساتھ گناہوں کے مٹنے کی نوید سناتا ہے۔ گناہگاروں کو توبہ کا راستہ دکھاتا ہے۔ غرض اسلام وہ طرزِ حیات ہے جو کسی کو ایسی صورتِ حال سے دوچار نہیں کرتا جہاں آگے نکلنے کا کوئی راستہ نہ رہ گیا ہو۔

اسلام میں خودکشی حرام ہے۔ اس لئے کہ خودکشی کرنے والا حالات سے اس قدر دل برداشتہ ہو جاتا ہے کہ وہ موت کو زندگی پر ترجیح دیتا ہے۔ اسلام اپنے ماننے والوں کو ہمیشہ صورت حال کا روشن پہلو دکھاتا ہے اور مایوسی دور کرتا ہے۔

انسانی زندگی میں دکھ سکھ ساتھ ساتھ چلتے ہیں۔ آدمی پر بیماری بھی آتی ہے' جو زندگی میں تلخی اور تکلیف کا باعث ہوتی ہے۔ ایسی حالت میں اسلام حوصلہ دیتا ہے کہ بیماری کی وجہ سے انسان کے گناہ معاف ہوتے ہیں۔ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''مردِ مؤمن کو جو بھی دکھ' بیماری' پریشانی' رنج وغم اور اذیت پہنچتی ہے' یہاں تک کہ اُسے کانٹا بھی چبھتا ہے تو اللہ تعالیٰ ان چیزوں کے ذریعے اس کے گناہ معاف کر دیتا ہے''۔ (بخاری ومسلم) پس بیماری بھی ایک طرح سے رحمت ہے' کیونکہ کوئی فردِ بشر ایسا نہیں جس سے کبھی گناہ کا صدور نہ ہوا ہو۔ یوں ہر شخص کو اللہ کی رحمت کی ضرورت ہے جو اُس کے گناہوں کو مٹا دے۔ چنانچہ بیماری اور مصیبت گناہوں کا کفارہ بن جاتی ہیں۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''کسی مردِ مؤمن کو جو بھی تکلیف پہنچتی ہے' مرض سے یا اس کے علاوہ' اللہ تعالیٰ اس کے ذریعے اس کے گناہوں کو اس طرح جھاڑ دیتا ہے جس طرح خزاں رسیدہ درخت اپنے پتے جھاڑ دیتا ہے''۔
(بخاری ومسلم)

ذرا غور کیجئے! جب کوئی بندہ بیمار ہو اور اس کے سامنے اسلام کی یہ تعلیم ہو کہ بیماری کی تکلیف اُس کے لئے گناہوں کے مٹانے کا وسیلہ بن جائے گی تو جہاں اُس کے لئے تکلیف قابل برداشت ہو جائے گی وہاں اس کو ایک گونہ سکون بھی ہوگا کہ اس پر سے گناہوں کا بوجھ اتر رہا ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اللہ کے بعض ایمان والے بندوں یا ایمان والی بندیوں پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے مصائب اور حوادث آتے رہتے ہیں' کبھی اس کی جان پر' کبھی اس کے مال پر' کبھی اس کی اولاد پر (اور اس کے نتیجہ میں اس کے گناہ جھڑتے رہتے ہیں) یہاں تک کہ مرنے کے بعد وہ اللہ کے حضور اس حال میں پہنچتا ہے کہ اس کا ایک گناہ بھی باقی نہیں ہوتا''۔ (جامع ترمذی) بعض لوگ دنیا میں حد سے زیادہ دکھ' تکلیف اور بیماری کا شکار بنتے ہیں۔ ان لوگوں کو اجر اُسی مقدار میں ملے گا جس مقدار میں انہوں نے مصیبت اٹھائی۔

بیمار کی عیادت بھی بہت بڑا کارِ ثواب ہے۔ رسول اللہ ﷺ خود نہ صرف مسلمان بلکہ غیر مسلموں کی عیادت کے لئے بھی تشریف لے جایا کرتے تھے۔ ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''بھوکوں کو کھانا کھلاؤ' بیماروں کی عیادت کرو اور جو لوگ ناحق قید کر دیئے گئے ہوں ان کی رہائی کی کوشش کرو''۔ (بخاری)

کبھی کبھی کوئی مصیبت یا پریشانی انسان کی اپنی غلطی کی وجہ سے بھی ہوتی ہے۔ ایسی صورت میں انسان عملی طور پر اپنی غلطی کی اصلاح کرے۔ ہر مصیبت اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوتی ہے۔ ﴿مَا أَصَابَ مِن مُّصِيبَةٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ﴾ مصیبت کو صرف اللہ کے غضب اور قہر کا ظہور ہی نہیں سمجھنا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں کے لئے ان میں خیر اور رحمت کا بڑا سامان ہے۔ ان کے ذریعے گناہوں کی صفائی اور تطہیر ہوتی ہے' اللہ تعالیٰ کی رحمتیں برستی ہیں' درجات بلند ہوتے ہیں اور اعمال میں کوتاہیوں کی تلافی ہوتی ہے۔

دنیا میں آنے والی تکالیف اور بیماریاں اجر و ثواب کا باعث بنتی ہیں۔ بس شرط یہ ہے کہ آدمی شکوہ شکایت زبان پر نہ لائے' صبر کا مظاہرہ کرے اور اجر کی امید رکھے۔ قیامت کے روز بعض لوگ ایسے بھی ہوں گے کہ ان کے اعمالِ حسنہ بخشش کے لئے کافی نہ ہوں گے' مگر دنیا میں برداشت کی جانے والی تکالیف کا اجر اعمالِ حسنہ کی کمی کو پورا کر دے گا اور حساب کے وقت اُن پر یہ بات ظاہر ہو جائے گی کہ دنیا کی زندگی میں آنے والی مصیبتیں اور بیماریاں اگر نہ ہوتیں تو نجات نہ ہو سکتی۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''قیامت کے دن جب ان بندوں کو جو دنیا میں مبتلائے مصائب رہے' ان مصائب کے عوض اجر و ثواب دیا جائے گا تو وہ لوگ جو دنیا میں ہمیشہ آرام و راحت سے رہے حسرت کریں گے کہ کاش دنیا میں ہماری کھالیں قینچیوں سے کاٹی گئی ہوتیں''۔ (ترمذی)

اللہ تعالیٰ کی رحمت کا اندازہ کیجئے کہ ایک آدمی جو صحت کے ایام میں ذکر اذکار اور نیک اعمال کرتا ہے جب کبھی وہ بیمار ہو کر اپنے اعمالِ حسنہ ادا کرنے کے قابل نہ رہے تو اللہ تعالیٰ اپنی مہربانی سے اس کو بیماری کے دنوں میں وہی اجر دیتا ہے جو اُسے اعمال حسنہ کرنے پر ملتا تھا۔ یہ اس لئے کہ اگر وہ بندہ بیمار نہ ہوتا تو اپنے اعمال حسنہ کے معمولات پر ضرور عمل پیرا رہتا۔

الغرض دنیاوی زندگی میں بندۂ مؤمن کو پیش آنے والے صدمات' تکالیف یا بیماریاں اس کے لئے درجات کی بلندی' گناہوں کی معافی اور نجات کا ذریعہ بن جائیں گی۔ اللہ

E:\Ms-2005\Meesaaq_Pdf_2005\meesaq may05\temp.inp 8/22/2014 4:02 PM PAGE 17 (1,1)

تعالیٰ چاہے تو اپنے کسی بندے کو بغیر کسی عمل کے بھی بخشش سے نواز سکتا ہے مگر بتقاضائے حکمت وہ بندے کی تکالیف اور بیماریوں کو اس کے لئے وسیلۂ نجات بنا دیتا ہے یا پھر کسی دوسرے بندے کی اس کے حق میں کی جانے والی دعا کے طفیل اس کی بخشش کر دیتا ہے۔ بہرحال صبر اور ثبات کی توفیق بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ چنانچہ اسی سے نیکی اور صبر کی توفیق طلب کرنی چاہئے۔

وَمَا تَوۡفِیۡقِیۡ اِلاَّ بِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ

دُکھ اور تکلیف کا اُمید افزا پہلو

تحریر: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

اگر اسلام کو امید کا دین کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا' کیونکہ یہ ایسا ضابطۂ حیات ہے جو اپنے ماننے والوں کو کسی بھی حال میں مایوس نہیں کرتا۔ غربت اور بدحالی میں یہ فراخی اور خوش حالی کی امید دلاتا ہے۔ بیماری میں صحت کی امید کے ساتھ ساتھ گناہوں کے مٹنے کی نوید سناتا ہے۔ گناہگاروں کو توبہ کا راستہ دکھاتا ہے۔ غرض اسلام وہ طرزِ حیات ہے جو کسی کو ایسی صورتِ حال سے دوچار نہیں کرتا جہاں آگے نکلنے کا کوئی راستہ نہ رہ گیا ہو۔

اسلام میں خودکشی حرام ہے۔ اس لئے کہ خودکشی کرنے والا حالات سے اس قدر دل برداشتہ ہو جاتا ہے کہ وہ موت کو زندگی پر ترجیح دیتا ہے۔ اسلام اپنے ماننے والوں کو ہمیشہ صورت حال کا روشن پہلو دکھاتا ہے اور مایوسی دور کرتا ہے۔

انسانی زندگی میں دکھ سکھ ساتھ ساتھ چلتے ہیں۔ آدمی پر بیماری بھی آتی ہے' جو زندگی میں تلخی اور تکلیف کا باعث ہوتی ہے۔ ایسی حالت میں اسلام حوصلہ دیتا ہے کہ بیماری کی وجہ سے انسان کے گناہ معاف ہوتے ہیں۔ حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''مردِ مؤمن کو جو بھی دکھ' بیماری' پریشانی' رنج وغم اور اذیت پہنچتی ہے' یہاں تک کہ اُسے کانٹا بھی چبھتا ہے تو اللہ تعالیٰ ان چیزوں کے ذریعے اس کے گناہ معاف کر دیتا ہے''۔ (بخاری ومسلم) پس بیماری بھی ایک طرح سے رحمت ہے' کیونکہ کوئی فردِ بشر ایسا

نہیں جس سے کبھی گناہ کا صدور نہ ہوا ہو۔ یوں ہر شخص کو اللہ کی رحمت کی ضرورت ہے جو اُس کے گناہوں کو مٹا دے۔ چنانچہ بیماری اور مصیبت گناہوں کا کفارہ بن جاتی ہیں۔

حضرت عبداللہ بن مسعود ؓ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: ''کسی مردِ مؤمن کو جو بھی تکلیف پہنچتی ہے' مرض سے یا اس کے علاوہ' اللہ تعالیٰ اس کے ذریعے اس کے گناہوں کو اس طرح جھاڑ دیتا ہے جس طرح خزاں رسیدہ درخت اپنے پتے جھاڑ دیتا ہے''۔
(بخاری و مسلم)

ذرا غور کیجئے! جب کوئی بندہ بیمار ہو اور اس کے سامنے اسلام کی یہ تعلیم ہو کہ بیماری کی تکلیف اُس کے لئے گناہوں کے مٹانے کا وسیلہ بن جائے گی تو جہاں اُس کے لئے تکلیف قابل برداشت ہو جائے گی وہاں اس کو ایک گونہ سکون بھی ہوگا کہ اس پر سے گناہوں کا بوجھ اتر رہا ہے۔

حضرت ابو ہریرہ ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ کے بعض ایمان والے بندوں یا ایمان والی بندیوں پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے مصائب اور حوادث آتے رہتے ہیں' کبھی اس کی جان پر' کبھی اس کے مال پر' کبھی اس کی اولاد پر (اور اس کے نتیجہ میں اس کے گناہ جھڑتے رہتے ہیں) یہاں تک کہ مرنے کے بعد وہ اللہ کے حضور اس حال میں پہنچتا ہے کہ اس کا ایک گناہ بھی باقی نہیں ہوتا''۔ (جامع ترمذی) بعض لوگ دنیا میں حد سے زیادہ دکھ' تکلیف اور بیماری کا شکار بنتے ہیں۔ ان لوگوں کو اجر اُسی مقدار میں ملے گا جس مقدار میں انہوں نے مصیبت اٹھائی۔

بیمار کی عیادت بھی بہت بڑا کارِ ثواب ہے۔ رسول اللہ ﷺ خود نہ صرف مسلمان بلکہ غیر مسلموں کی عیادت کے لئے بھی تشریف لے جایا کرتے تھے۔ ابو موسیٰ اشعری ؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''بھوکوں کو کھانا کھلاؤ' بیماروں کی عیادت کرو اور جو لوگ ناحق قید کر دیئے گئے ہوں ان کی رہائی کی کوشش کرو''۔ (بخاری)

کبھی کبھی کوئی مصیبت یا پریشانی انسان کی اپنی غلطی کی وجہ سے بھی ہوتی ہے۔ ایسی صورت میں انسان عملی طور پر اپنی غلطی کی اصلاح کرے۔ ہر مصیبت اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوتی ہے۔ ﴿مَا أَصَابَ مِن مُّصِيبَةٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ﴾ چنانچہ مصیبت کو صرف اللہ کے غضب اور قہر کا ظہور ہی نہیں سمجھنا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں کے لئے ان میں خیر اور رحمت کا بڑا سامان ہے۔ ان کے ذریعے گناہوں کی صفائی اور تطہیر ہوتی ہے' اللہ تعالیٰ کی رحمتیں برستی ہیں'

E:\Ms-2005\Meesaaq_Pdf_2005\meesaq may05\temp.inp 8/22/2014 4:02 PM PAGE 18 (1,1)

درجات بلند ہوتے ہیں اور اعمال میں کوتاہیوں کی تلافی ہوتی ہے۔

دنیا میں آنے والی تکالیف اور بیماریاں اجر وثواب کا باعث بنتی ہیں۔ بس شرط یہ ہے کہ آدمی شکوہ شکایت زبان پر نہ لائے‘ صبر کا مظاہرہ کرے اور اجر کی امید رکھے۔ قیامت کے روز بعض لوگ ایسے بھی ہوں گے کہ ان کے اعمالِ حسنہ بخشش کے لئے کافی نہ ہوں گے‘ مگر دنیا میں برداشت کی جانے والی تکالیف کا اجر اعمالِ حسنہ کی کمی کو پورا کر دے گا اور حساب کے وقت اُن پر یہ بات ظاہر ہو جائے گی کہ دنیا کی زندگی میں آنے والی مصیبتیں اور بیماریاں اگر نہ ہوتیں تو نجات نہ ہو سکتی۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

’’قیامت کے دن جب ان بندوں کو جو دنیا میں مبتلائے مصائب رہے‘ ان مصائب کے عوض اجر وثواب دیا جائے گا تو وہ لوگ جو دنیا میں ہمیشہ آرام وراحت سے رہے حسرت کریں گے کہ کاش دنیا میں ہماری کھالیں قینچیوں سے کاٹی گئی ہوتیں‘‘۔ (ترمذی)

اللہ تعالیٰ کی رحمت کا اندازہ کیجئے کہ ایک آدمی جو صحت کے ایام میں ذکر اذکار اور نیک اعمال کرتا ہے جب کبھی وہ بیمار ہو کر اپنے اعمالِ حسنہ ادا کرنے کے قابل نہ رہے تو اللہ تعالیٰ اپنی مہربانی سے اس کو بیماری کے دنوں میں وہی اجر دیتا ہے جو اُسے اعمال حسنہ کرنے پر ملتا تھا۔ یہ اس لئے کہ اگر وہ بندہ بیمار نہ ہوتا تو اپنے اعمال حسنہ کے معمولات پر ضرور عمل پیرا رہتا۔

الغرض دنیاوی زندگی میں بندۂ مؤمن کو پیش آنے والے صدمات‘ تکالیف یا بیماریاں اس کے لئے درجات کی بلندی‘ گناہوں کی معافی اور نجات کا ذریعہ بن جائیں گی۔ اللہ تعالیٰ چاہے تو اپنے کسی بندے کو بغیر کسی عمل کے بھی بخشش سے نواز سکتا ہے مگر بتقاضائے حکمت وہ بندے کی تکالیف اور بیماریوں کو اس کے لئے وسیلۂ نجات بنا دیتا ہے یا پھر کسی دوسرے بندے کی اس کے حق میں کی جانے والی دعا کے طفیل اس کی بخشش کر دیتا ہے۔ بہرحال صبر اور ثبات کی توفیق بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ چنانچہ اسی سے نیکی اور صبر کی توفیق طلب کرنی چاہیے۔

وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلاَّ بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

دُکھ اور تکلیف کا اُمید

افزا پہلو

تحریر: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

اگر اسلام کو امید کا دین کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا' کیونکہ یہ ایسا ضابطۂ حیات ہے جو اپنے ماننے والوں کو کسی بھی حال میں مایوس نہیں کرتا۔ غربت اور بدحالی میں یہ فراخی اور خوش حالی کی امید دلاتا ہے۔ بیماری میں صحت کی امید کے ساتھ ساتھ گناہوں کے مٹنے کی نوید سناتا ہے۔ گناہگاروں کو توبہ کا راستہ دکھاتا ہے۔ غرض اسلام وہ طرزِ حیات ہے جو کسی کو ایسی صورتِ حال سے دوچار نہیں کرتا جہاں آگے نکلنے کا کوئی راستہ نہ رہ گیا ہو۔

اسلام میں خودکشی حرام ہے۔ اس لئے کہ خودکشی کرنے والا حالات سے اس قدر دل برداشتہ ہو جاتا ہے کہ وہ موت کو زندگی پر ترجیح دیتا ہے۔ اسلام اپنے ماننے والوں کو ہمیشہ صورت حال کا روشن پہلو دکھاتا ہے اور مایوسی دور کرتا ہے۔

انسانی زندگی میں دکھ سکھ ساتھ ساتھ چلتے ہیں۔ آدمی پر بیماری بھی آتی ہے' جو زندگی میں تلخی اور تکلیف کا باعث ہوتی ہے۔ ایسی حالت میں اسلام حوصلہ دیتا ہے کہ بیماری کی وجہ سے انسان کے گناہ معاف ہوتے ہیں۔ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''مردِ مؤمن کو جو بھی دکھ' بیماری' پریشانی' رنج وغم اور اذیت پہنچتی ہے' یہاں تک کہ اُسے کانٹا بھی چبھتا ہے تو اللہ تعالیٰ ان چیزوں کے ذریعے اس کے گناہ معاف کر دیتا ہے''۔ (بخاری ومسلم) پس بیماری بھی ایک طرح سے رحمت ہے' کیونکہ کوئی فردِ بشر ایسا نہیں جس سے کبھی گناہ کا صدور نہ ہوا ہو۔ یوں ہر شخص کو اللہ کی رحمت کی ضرورت ہے جو اُس کے گناہوں کو مٹا دے۔ چنانچہ بیماری اور مصیبت گناہوں کا کفارہ بن جاتی ہیں۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''کسی مردِ مؤمن کو جو بھی تکلیف پہنچتی ہے' مرض سے یا اس کے علاوہ' اللہ تعالیٰ اس کے ذریعے اس کے گناہوں کو اس طرح جھاڑ دیتا ہے جس طرح خزاں رسیدہ درخت اپنے پتے جھاڑ دیتا ہے''۔
(بخاری ومسلم)

ذرا غور کیجئے! جب کوئی بندہ بیمار ہو اور اس کے سامنے اسلام کی یہ تعلیم ہو کہ بیماری کی تکلیف اُس کے لئے گناہوں کے مٹانے کا وسیلہ بن جائے گی تو جہاں اُس کے لئے تکلیف

قابل برداشت ہو جائے گی وہاں اس کو ایک گونہ سکون بھی ہوگا کہ اس پر سے گناہوں کا بوجھ اتر رہا ہے۔

حضرت ابو ہریرہ ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ کے بعض ایمان والے بندوں یا ایمان والی بندیوں پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے مصائب اور حوادث آتے رہتے ہیں' کبھی اس کی جان پر' کبھی اس کے مال پر' کبھی اس کی اولاد پر (اور اس کے نتیجہ میں اس کے گناہ جھڑتے رہتے ہیں) یہاں تک کہ مرنے کے بعد وہ اللہ کے حضور اس حال میں پہنچتا ہے کہ اس کا ایک گناہ بھی باقی نہیں ہوتا''۔ (جامع ترمذی) بعض لوگ دنیا میں حد سے زیادہ دکھ' تکلیف اور بیماری کا شکار بنتے ہیں۔ ان لوگوں کو اجر اُسی مقدار میں ملے گا جس مقدار میں انہوں نے مصیبت اٹھائی۔

بیمار کی عیادت بھی بہت بڑا کارِ ثواب ہے۔ رسول اللہ ﷺ خود نہ صرف مسلمان بلکہ غیر مسلموں کی عیادت کے لئے بھی تشریف لے جایا کرتے تھے۔ ابو موسیٰ اشعری ؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''بھوکوں کو کھانا کھلاؤ' بیماروں کی عیادت کرو اور جو لوگ ناحق قید کر دیئے گئے ہوں ان کی رہائی کی کوشش کرو''۔ (بخاری)

کبھی کبھی کوئی مصیبت یا پریشانی انسان کی اپنی غلطی کی وجہ سے بھی ہوتی ہے۔ ایسی صورت میں انسان عملی طور پر اپنی غلطی کی اصلاح کرے۔ ہر مصیبت اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوتی ہے۔ ﴿مَا أَصَابَ مِن مُّصِيبَةٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ﴾ ہر مصیبت کو صرف اللہ کے غضب اور قہر کا ظہور ہی نہیں سمجھنا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں کے لئے ان میں خیر اور رحمت کا بڑا سامان ہے۔ ان کے ذریعے گناہوں کی صفائی اور تطہیر ہوتی ہے' اللہ تعالیٰ کی رحمتیں برستی ہیں' درجات بلند ہوتے ہیں اور اعمال میں کوتاہیوں کی تلافی ہوتی ہے۔

دنیا میں آنے والی تکالیف اور بیماریاں اجر و ثواب کا باعث بنتی ہیں۔ بس شرط یہ ہے کہ آدمی شکوہ شکایت زبان پر نہ لائے' صبر کا مظاہرہ کرے اور اجر کی امید رکھے۔ قیامت کے روز بعض لوگ ایسے بھی ہوں گے کہ ان کے اعمالِ حسنہ بخشش کے لئے کافی نہ ہوں گے' مگر دنیا میں برداشت کی جانے والی تکالیف کا اجر اعمالِ حسنہ کی کمی کو پورا کر دے گا اور حساب کے وقت اُن پر یہ بات ظاہر ہو جائے گی کہ دنیا کی زندگی میں آنے والی مصیبتیں اور بیماریاں اگر نہ ہوتیں تو نجات نہ ہو سکتی۔ حضرت جابر ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''قیامت کے دن جب ان بندوں کو جو دنیا میں مبتلائے مصائب رہے' ان مصائب کے عوض

اجر وثواب دیا جائے گا تو وہ لوگ جو دنیا میں ہمیشہ آرام وراحت سے رہے حسرت کریں گے کہ کاش دنیا میں ہماری کھالیں قینچیوں سے کاٹی گئی ہوتیں''۔(ترمذی)

اللہ تعالیٰ کی رحمت کا اندازہ کیجئے کہ ایک آدمی جو صحت کے ایام میں ذکر اذکار اور نیک اعمال کرتا ہے جب کبھی وہ بیمار ہو کر اپنے اعمالِ حسنہ ادا کرنے کے قابل نہ رہے تو اللہ تعالیٰ اپنی مہربانی سے اس کو بیماری کے دنوں میں وہی اجر دیتا ہے جو اُسے اعمال حسنہ کرنے پر ملتا تھا۔ یہ اس لئے کہ اگر وہ بندہ بیمار نہ ہوتا تو اپنے اعمال حسنہ کے معمولات پر ضرور عمل پیرا رہتا۔

الغرض دنیاوی زندگی میں بندۂ مؤمن کو پیش آنے والے صدمات' تکالیف یا بیماریاں اس کے لئے درجات کی بلندی' گناہوں کی معافی اور نجات کا ذریعہ بن جائیں گی۔ اللہ تعالیٰ چاہے تو اپنے کسی بندے کو بغیر کسی عمل کے بھی بخشش سے نواز سکتا ہے مگر بتقاضائے حکمت وہ بندے کی تکالیف اور بیماریوں کو اس کے لئے وسیلۂ نجات بنا دیتا ہے یا پھر کسی دوسرے بندے کی اس کے حق میں کی جانے والی دعا کے طفیل اس کی بخشش کر دیتا ہے۔ بہرحال صبر اور ثبات کی توفیق بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ چنانچہ اسی سے نیکی اور صبر کی توفیق طلب کرنی چاہئے۔

وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلاَّ بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

دُکھ اور تکلیف کا اُمید افزا پہلو

تحریر: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

اگر اسلام کو امید کا دین کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا' کیونکہ یہ ایسا ضابطۂ حیات ہے جو اپنے ماننے والوں کو کسی بھی حال میں مایوس نہیں کرتا۔ غربت اور بدحالی میں یہ فراخی اور خوش حالی کی امید دلاتا ہے۔ بیماری میں صحت کی امید کے ساتھ ساتھ گناہوں کے مٹنے کی نوید سناتا ہے۔ گناہگاروں کو توبہ کا راستہ دکھاتا ہے۔ غرض اسلام وہ طرزِ حیات ہے جو کسی کو ایسی صورتِ حال سے دوچار نہیں کرتا جہاں آگے نکلنے کا کوئی راستہ نہ رہ گیا ہو۔

اسلام میں خودکشی حرام ہے۔ اس لئے کہ خودکشی کرنے والا حالات سے اس قدر دل برداشتہ ہو جاتا ہے کہ وہ موت کو زندگی پر ترجیح دیتا ہے۔ اسلام اپنے ماننے والوں کو ہمیشہ صورت حال کا روشن پہلو دکھاتا ہے اور مایوسی دور کرتا ہے۔

انسانی زندگی میں دکھ سکھ ساتھ ساتھ چلتے ہیں۔ آدمی پر بیماری بھی آتی ہے' جو زندگی میں تلخی اور تکلیف کا باعث ہوتی ہے۔ ایسی حالت میں اسلام حوصلہ دیتا ہے کہ بیماری کی وجہ سے انسان کے گناہ معاف ہوتے ہیں۔ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''مردِ مؤمن کو جو بھی دکھ' بیماری' پریشانی' رنج وغم اور اذیت پہنچتی ہے' یہاں تک کہ اُسے کانٹا بھی چبھتا ہے تو اللہ تعالیٰ ان چیزوں کے ذریعے اس کے گناہ معاف کر دیتا ہے''۔ (بخاری ومسلم) پس بیماری بھی ایک طرح سے رحمت ہے' کیونکہ کوئی فردِ بشر ایسا نہیں جس سے کبھی گناہ کا صدور نہ ہوا ہو۔ یوں ہر شخص کو اللہ کی رحمت کی ضرورت ہے جو اُس کے گناہوں کو مٹا دے۔ چنانچہ بیماری اور مصیبت گناہوں کا کفارہ بن جاتی ہیں۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''کسی مردِ مؤمن کو جو بھی تکلیف پہنچتی ہے' مرض سے یا اس کے علاوہ' اللہ تعالیٰ اس کے ذریعے اس کے گناہوں کو اس طرح جھاڑ دیتا ہے جس طرح خزاں رسیدہ درخت اپنے پتے جھاڑ دیتا ہے''۔
(بخاری ومسلم)

ذرا غور کیجئے! جب کوئی بندہ بیمار ہو اور اس کے سامنے اسلام کی یہ تعلیم ہو کہ بیماری کی تکلیف اُس کے لئے گناہوں کے مٹانے کا وسیلہ بن جائے گی تو جہاں اُس کے لئے تکلیف قابل برداشت ہو جائے گی وہاں اس کو ایک گونہ سکون بھی ہوگا کہ اس پر سے گناہوں کا بوجھ اتر رہا ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اللہ کے بعض ایمان والے بندوں یا ایمان والی بندیوں پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے مصائب اور حوادث آتے رہتے ہیں' کبھی اس کی جان پر' کبھی اس کے مال پر' کبھی اس کی اولاد پر (اور اس کے نتیجہ میں اس کے گناہ جھڑتے رہتے ہیں) یہاں تک کہ مرنے کے بعد وہ اللہ کے حضور اس حال میں پہنچتا ہے کہ اس کا ایک گناہ بھی باقی نہیں ہوتا''۔ (جامع ترمذی) بعض لوگ دنیا میں حد سے زیادہ دکھ' تکلیف اور بیماری کا شکار بنتے ہیں۔ ان لوگوں کو اجر اُسی مقدار میں ملے گا جس مقدار میں انہوں نے مصیبت اٹھائی۔

بیمار کی عیادت بھی بہت بڑا کارِ ثواب ہے۔ رسول اللہ ﷺ خود نہ صرف مسلمان بلکہ غیر مسلموں کی عیادت کے لئے بھی تشریف لے جایا کرتے تھے۔ ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''بھوکوں کو کھانا کھلاؤ' بیماروں کی عیادت کرو اور جو لوگ ناحق قید کر دیئے گئے ہوں ان کی رہائی کی کوشش کرو''۔ (بخاری)

کبھی کبھی کوئی مصیبت یا پریشانی انسان کی اپنی غلطی کی وجہ سے بھی ہوتی ہے۔ ایسی صورت میں انسان عملی طور پر اپنی غلطی کی اصلاح کرے۔ ہر مصیبت اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوتی ہے۔ ﴿مَا أَصَابَ مِن مُّصِيبَةٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ﴾ مصیبت کو صرف اللہ کے غضب اور قہر کا ظہور ہی نہیں سمجھنا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں کے لئے ان میں خیر اور رحمت کا بڑا سامان ہے۔ ان کے ذریعے گناہوں کی صفائی اور تطہیر ہوتی ہے' اللہ تعالیٰ کی رحمتیں برستی ہیں' درجات بلند ہوتے ہیں اور اعمال میں کوتاہیوں کی تلافی ہوتی ہے۔

دنیا میں آنے والی تکالیف اور بیماریاں اجر و ثواب کا باعث بنتی ہیں۔ بس شرط یہ ہے کہ آدمی شکوہ شکایت زبان پر نہ لائے' صبر کا مظاہرہ کرے اور اجر کی امید رکھے۔ قیامت کے روز بعض لوگ ایسے بھی ہوں گے کہ ان کے اعمالِ حسنہ بخشش کے لئے کافی نہ ہوں گے' مگر دنیا میں برداشت کی جانے والی تکالیف کا اجر اعمالِ حسنہ کی کمی کو پورا کر دے گا اور حساب کے وقت اُن پر یہ بات ظاہر ہو جائے گی کہ دنیا کی زندگی میں آنے والی مصیبتیں اور بیماریاں اگر نہ ہوتیں تو نجات نہ ہو سکتی۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''قیامت کے دن جب ان بندوں کو جو دنیا میں مبتلائے مصائب رہے' ان مصائب کے عوض اجر و ثواب دیا جائے گا تو وہ لوگ جو دنیا میں ہمیشہ آرام و راحت سے رہے حسرت کریں گے کہ کاش دنیا میں ہماری کھالیں قینچیوں سے کاٹی گئی ہوتیں''۔ (ترمذی)

اللہ تعالیٰ کی رحمت کا اندازہ کیجئے کہ ایک آدمی جو صحت کے ایام میں ذکر اذکار اور نیک اعمال کرتا ہے جب کبھی وہ بیمار ہو کر اپنے اعمالِ حسنہ ادا کرنے کے قابل نہ رہے تو اللہ تعالیٰ اپنی مہربانی سے اس کو بیماری کے دنوں میں وہی اجر دیتا ہے جو اُسے اعمال حسنہ کرنے پر ملتا تھا۔ یہ اس لئے کہ اگر وہ بندہ بیمار نہ ہوتا تو اپنے اعمال حسنہ کے معمولات پر ضرور عمل پیرا رہتا۔

الغرض دنیاوی زندگی میں بندۂ مؤمن کو پیش آنے والے صدمات' تکالیف یا بیماریاں اس کے لئے درجات کی بلندی' گناہوں کی معافی اور نجات کا ذریعہ بن جائیں گی۔ اللہ

تعالیٰ چاہے تو اپنے کسی بندے کو بغیر کسی عمل کے بھی بخشش سے نواز سکتا ہے مگر بتقاضائے حکمت وہ بندے کی تکالیف اور بیماریوں کو اس کے لئے وسیلۂ نجات بنا دیتا ہے یا پھر کسی دوسرے بندے کی اس کے حق میں کی جانے والی دعا کے طفیل اس کی بخشش کر دیتا ہے۔ بہرحال صبر اور ثبات کی توفیق بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ چنانچہ اسی سے نیکی اور صبر کی توفیق طلب کرنی چاہئے۔

وَمَا تَوْفِيْقِىْ اِلاَّ بِاللّٰهِ الْعَلِىِّ الْعَظِيْمِ

دُکھ اور تکلیف کا اُمید افزا پہلو

تحریر: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

اگر اسلام کو امید کا دین کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا' کیونکہ یہ ایسا ضابطۂ حیات ہے جو اپنے ماننے والوں کو کسی بھی حال میں مایوس نہیں کرتا۔ غربت اور بدحالی میں یہ فراخی اور خوش حالی کی امید دلاتا ہے۔ بیماری میں صحت کی امید کے ساتھ ساتھ گناہوں کے مٹنے کی نوید سناتا ہے۔ گناہگاروں کو توبہ کا راستہ دکھاتا ہے۔ غرض اسلام وہ طرزِ حیات ہے جو کسی کو ایسی صورتِ حال سے دوچار نہیں کرتا جہاں آگے نکلنے کا کوئی راستہ نہ رہ گیا ہو۔

اسلام میں خودکشی حرام ہے۔ اس لئے کہ خودکشی کرنے والا حالات سے اس قدر دل برداشتہ ہو جاتا ہے کہ وہ موت کو زندگی پر ترجیح دیتا ہے۔ اسلام اپنے ماننے والوں کو ہمیشہ صورت حال کا روشن پہلو دکھاتا ہے اور مایوسی دور کرتا ہے۔

انسانی زندگی میں دکھ سکھ ساتھ ساتھ چلتے ہیں۔ آدمی پر بیماری بھی آتی ہے' جو زندگی میں تلخی اور تکلیف کا باعث ہوتی ہے۔ ایسی حالت میں اسلام حوصلہ دیتا ہے کہ بیماری کی وجہ سے انسان کے گناہ معاف ہوتے ہیں۔ حضرت ابوسعید خدری ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''مردِ مؤمن کو جو بھی دکھ' بیماری' پریشانی' رنج وغم اور اذیت پہنچتی ہے' یہاں تک کہ اُسے کانٹا بھی چبھتا ہے تو اللہ تعالیٰ ان چیزوں کے ذریعے اس کے گناہ معاف کر دیتا ہے''۔ (بخاری ومسلم) پس بیماری بھی ایک طرح سے رحمت ہے' کیونکہ کوئی فردِ بشر ایسا

نہیں جس سے کبھی گناہ کا صدور نہ ہوا ہو۔ یوں ہر شخص کو اللہ کی رحمت کی ضرورت ہے جو اُس کے گناہوں کو مٹا دے۔ چنانچہ بیماری اور مصیبت گناہوں کا کفارہ بن جاتی ہیں۔

حضرت عبداللہ بن مسعود ؓ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: ''کسی مردِ مؤمن کو جو بھی تکلیف پہنچتی ہے' مرض سے یا اس کے علاوہ' اللہ تعالیٰ اس کے ذریعے اس کے گناہوں کو اس طرح جھاڑ دیتا ہے جس طرح خزاں رسیدہ درخت اپنے پتے جھاڑ دیتا ہے''۔
(بخاری و مسلم)

ذرا غور کیجئے! جب کوئی بندہ بیمار ہو اور اس کے سامنے اسلام کی یہ تعلیم ہو کہ بیماری کی تکلیف اُس کے لئے گناہوں کے مٹانے کا وسیلہ بن جائے گی تو جہاں اُس کے لئے تکلیف قابل برداشت ہو جائے گی وہاں اس کو ایک گونہ سکون بھی ہوگا کہ اس پر سے گناہوں کا بوجھ اتر رہا ہے۔

حضرت ابو ہریرہ ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ کے بعض ایمان والے بندوں یا ایمان والی بندیوں پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے مصائب اور حوادث آتے رہتے ہیں' کبھی اس کی جان پر' کبھی اس کے مال پر' کبھی اس کی اولاد پر (اور اس کے نتیجہ میں اس کے گناہ جھڑتے رہتے ہیں) یہاں تک کہ مرنے کے بعد وہ اللہ کے حضور اس حال میں پہنچتا ہے کہ اس کا ایک گناہ بھی باقی نہیں ہوتا''۔ (جامع ترمذی) بعض لوگ دنیا میں حد سے زیادہ دکھ' تکلیف اور بیماری کا شکار بنتے ہیں۔ ان لوگوں کو اجر اُسی مقدار میں ملے گا جس مقدار میں انہوں نے مصیبت اٹھائی۔

بیمار کی عیادت بھی بہت بڑا کارِ ثواب ہے۔ رسول اللہ ﷺ خود نہ صرف مسلمان بلکہ غیر مسلموں کی عیادت کے لئے بھی تشریف لے جایا کرتے تھے۔ ابو موسیٰ اشعری ؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''بھوکوں کو کھانا کھلاؤ' بیماروں کی عیادت کرو اور جو لوگ ناحق قید کر دیئے گئے ہوں ان کی رہائی کی کوشش کرو''۔ (بخاری)

کبھی کبھی کوئی مصیبت یا پریشانی انسان کی اپنی غلطی کی وجہ سے بھی ہوتی ہے۔ ایسی صورت میں انسان عملی طور پر اپنی غلطی کی اصلاح کرے۔ ہر مصیبت اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوتی ہے۔ ﴿مَا أَصَابَ مِن مُّصِيبَةٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ﴾ چنانچہ مصیبت کو صرف اللہ کے غضب اور قہر کا ظہور ہی نہیں سمجھنا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں کے لئے ان میں خیر اور رحمت کا بڑا سامان ہے۔ ان کے ذریعے گناہوں کی صفائی اور تطہیر ہوتی ہے' اللہ تعالیٰ کی رحمتیں برستی ہیں'

E:\Ms-2005\Meesaaq_Pdf_2005\meesaq may05\temp.inp 8/22/2014 4:02 PM PAGE 22 (1,1)

درجات بلند ہوتے ہیں اور اعمال میں کوتاہیوں کی تلافی ہوتی ہے۔

دنیا میں آنے والی تکالیف اور بیماریاں اجر وثواب کا باعث بنتی ہیں۔ بس شرط یہ ہے کہ آدمی شکوہ شکایت زبان پر نہ لائے' صبر کا مظاہرہ کرے اور اجر کی امید رکھے۔ قیامت کے روز بعض لوگ ایسے بھی ہوں گے کہ ان کے اعمالِ حسنہ بخشش کے لئے کافی نہ ہوں گے' مگر دنیا میں برداشت کی جانے والی تکالیف کا اجر اعمالِ حسنہ کی کمی کو پورا کر دے گا اور حساب کے وقت اُن پر یہ بات ظاہر ہو جائے گی کہ دنیا کی زندگی میں آنے والی مصیبتیں اور بیماریاں اگر نہ ہوتیں تو نجات نہ ہو سکتی۔ حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

''قیامت کے دن جب ان بندوں کو جو دنیا میں مبتلائے مصائب رہے' ان مصائب کے عوض اجر وثواب دیا جائے گا تو وہ لوگ جو دنیا میں ہمیشہ آرام وراحت سے رہے حسرت کریں گے کہ کاش دنیا میں ہماری کھالیں قینچیوں سے کاٹی گئی ہوتیں''۔ (ترمذی)

اللہ تعالیٰ کی رحمت کا اندازہ کیجئے کہ ایک آدمی جو صحت کے ایام میں ذکر اذکار اور نیک اعمال کرتا ہے جب کبھی وہ بیمار ہو کر اپنے اعمالِ حسنہ ادا کرنے کے قابل نہ رہے تو اللہ تعالیٰ اپنی مہربانی سے اس کو بیماری کے دنوں میں وہی اجر دیتا ہے جو اُسے اعمال حسنہ کرنے پر ملتا تھا۔ یہ اس لئے کہ اگر وہ بندہ بیمار نہ ہوتا تو اپنے اعمال حسنہ کے معمولات پر ضرور عمل پیرا رہتا۔

الغرض دنیاوی زندگی میں بندۂ مؤمن کو پیش آنے والے صدمات' تکالیف یا بیماریاں اس کے لئے درجات کی بلندی' گناہوں کی معافی اور نجات کا ذریعہ بن جائیں گی۔ اللہ تعالیٰ چاہے تو اپنے کسی بندے کو بغیر کسی عمل کے بھی بخشش سے نواز سکتا ہے مگر بتقاضائے حکمت وہ بندے کی تکالیف اور بیماریوں کو اس کے لئے وسیلۂ نجات بنا دیتا ہے یا پھر کسی دوسرے بندے کی اس کے حق میں کی جانے والی دعا کے طفیل اس کی بخشش کر دیتا ہے۔ بہرحال صبر اور ثبات کی توفیق بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ چنانچہ اسی سے نیکی اور صبر کی توفیق طلب کرنی چاہئے۔

وَمَا تَوْفِيْقِىْ اِلاَّ بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

جدید دنیائے اسلام

قسط وار سلسلہ (19)

بوسنیا و ہرزیگووینا

Bosnia and Herzegovina

تحقیق و تحریر: سید قاسم محمود

E:\Ms-2005\Meesaaq_Pdf_2005\meesaq may05\ms-bosnia and herzegovina.inp 8/22/2014 3:58 PM PAGE 1 (1,1)

بوسنیا وہرزیگووینا : ایک نظر میں

سرکاری نام: فیڈریشن آف بوسنیا اینڈ ہرزیگووینا

صدر: تین بڑی نسلی پارٹیوں میں سے اپنی باری پر: ڈریگن کووِک (2003ء)

وزیراعظم: عدنان ترزک (2002ء)

رقبہ: 19 ہزار 741 مربع میل (51 ہزار 129 مربع کلومیٹر)

آبادی: اندازاً 40 لاکھ

سالانہ شرح افزائش: 0.15 فی صد

گنجانی آبادی: 202 فی مربع میل

دارالحکومت: ساراجیو۔ آبادی تقریباً 6 لاکھ

کرنسی: مارکا

زبانیں: پہلے جو مشترک زبان بولی جاتی تھی وہ ''سربوکروٹی'' کہلاتی تھی' لیکن اب نئے جمہوری انقلاب کے بعد بولنے والے کے نسلی و مذہبی و سیاسی تعلق کے حوالے سے سربی یا کروٹی یا بوسنی کہلاتی ہے' جس کا رسم الخط لاطینی ہے۔

نسلیں: سرب 37 فی صد۔ بوسنی 48 فیصد۔ کروٹ 14 فی صد' اور دیگر

مذاہب: مسلمان 45 فی صد۔ آرتھوڈوکس عیسائی 30 فی صد۔ کیتھولک 15 فی صد۔ پروٹسٹنٹ عیسائی 4 فی صد' اور دیگر

شرح خواندگی: 94 فی صد

مجموعی قومی پیداوار: 7 ارب ڈالر

فی کس آمدنی: ایک ہزار 800 ڈالر سالانہ

افراطِ زر: 5 فی صد

بے روزگاری: 40 فیصد

قابلِ کاشت رقبہ: 10 فیصد

زراعت: گندم' پھل' سبزیاں' مویشی

صنعت و حرفت: فولاد' کوئلہ' کچا لوہا' جست' بوکسائٹ' گاڑیاں جوڑنے کی صنعت' پارچہ بافی' تمباکو کی مصنوعات' لکڑی کا فرنیچر' ٹینک اور ہوائی جہاز جوڑنے کی صنعت' تیل کی صفائی' گھریلو اشیائے صرف

معدنیات: کوئلہ' لوہا' بوکسائٹ' مینگانیز' تانبا' کرومیم

برآمدات: تقریباً ایک ارب ڈالر سالانہ

درآمدات: تقریباً تین ارب ڈالر سالانہ

بڑے بڑے تجارتی ساتھی: کروٹیا' سوئٹزرلینڈ' اٹلی' جرمنی' سلووینیا

بوسنیا وھرزیگووینا

جزیرہ نمائے بلقان میں واقع ایک آزاد اور خود مختار مسلم اکثریتی جمہوری ملک' جو اقوام متحدہ کا رکن ہونے کے ساتھ ساتھ اسلامی سربراہ کانفرنس کی تنظیم (او آئی سی) کا بھی رکن ہے۔ جزیرہ نمائے بلقان جنوب مشرقی یورپ میں دریائے ڈینیوب اور دریائے ساوا کے جنوبی جانب پھیلا ہوا' بحیرۂ اسود

(مشرق)، بحیرۂ باسفورس، بحیرۂ مارمورا، درِدانیال، بحیرۂ ابجہ (جنوب)، بحیرۂ آیونی اور بحیرۂ ادریاتی (مغرب) سے گھرا ہوا ہے۔ یہ جمہوریہ یوگوسلاویہ کے مغربی اور زیادہ تر کوہستانی خطے کو گھیرے ہوئے ہے۔ اس میں معدنی ذخائر، جنگلات اور آبی طاقت بکثرت ہے۔ شمال میں بوسنیا کا علاقہ ہے جو زیادہ تر پہاڑی ہے اور گھنے جنگلات سے گھرا ہوا ہے۔ دریائے نرتوا کے طاس سمیت، جنوبی علاقے کو ہرزیگووینا کا نام دیا جاتا ہے۔ بوسنیا نامی دریا کے منبع اور بالائی طاس کے اردگرد کے علاقے کو زمانۂ قدیم سے بوسنہ کہا جاتا ہے۔ ہرزیگووینا کی 20 کلومیٹر کی ایک ساحلی پٹی بحیرۂ ادریاتی (Adriatic sea) پر پھیلی ہوئی ہے جس میں کوئی بندرگاہ نہیں ہے۔

تاریخی پس منظر

چاروں طرف سے یورپی عیسائیوں کے نرغے میں محصور اس چھوٹے سے مسلم ملک میں اسلام کیونکر پھیلا اور اسلام قبول کرنے کے بعد نومسلموں نے اپنا اسلامی تشخص کیونکر برقرار رکھا؟ ہمارا اصل موضوع یہی ہے۔ لیکن اس کی طرف رجوع کرنے سے پہلے اس ملک کا تاریخی و سیاسی پس منظر معلوم ہونا ضروری ہے۔

سلطنتِ روما کے زمانے ہی سے بلقانی ریاستیں مختلف مذاہب اور تہذیبوں کے تصادم کا نشانہ بنی رہی ہیں۔ پڑوسی سلطنتوں سے صدیوں کے روابط کی بنیاد پر مختلف مذاہب اور تہذیبوں کے میل جول کے نتیجے میں اس خطے میں تین نسلی گروپ وجود میں آئے ہیں: بوسنی، کروٹ اور سرب۔ یہ تینوں نسلی گروپ لب و لہجے میں تھوڑے بہت اختلاف کے ساتھ ایک ہی زبان بولتے رہے ہیں جسے چند سال پہلے تک ''سربی کروٹ'' زبان کہتے تھے، لیکن اب اسے عرفِ عام میں ''بوسنی'' کہا جانے لگا ہے۔

زمانۂ قدیم میں اس علاقے کو پہلی اور دوسری صدی قبل مسیح میں رومیوں نے مفتوح کر کے صوبہ ڈالمیشیا میں ضم کر لیا۔ جب چوتھی اور پانچویں صدی عیسوی میں سلطنت روما زوال آمادہ ہونے لگی اور بیرونی ممالک کے حملے عام ہو گئے تو جرمن گاتھوں نے اس علاقے کو اپنے تسلط میں کر لیا۔ چھٹی صدی عیسوی میں بازنطینی سلطنت نے قبضہ کر لیا۔ ساتویں صدی کے دوران میں سلافیوں نے بوسنیا و ہرزیگووینا کے شمال مشرق سے چڑھائیاں شروع کیں۔ 1200ء میں اس علاقے کے لوگوں نے ہنگری سے آزادی حاصل کی اور آئندہ ڈھائی سو سال تک آزاد و خودمختار مملکت کی حیثیت قائم رہی۔

چودھویں صدی میں جب یہاں اسلام کا ظہور ہوا تو اُس وقت سے لے کر آج تک لوگوں نے اپنا اسلامی تشخص قائم و برقرار رکھا ہے، حالانکہ یہاں کے مسلمان پڑوسی عیسائی ریاستوں کے مابین اس طرح رہتے ہیں جیسے دانتوں کے درمیان زبان۔ یہاں اسلام ترکی کی خلافتِ عثمانیہ کے قیام و استحکام

سے وابستہ ہے۔ ترکوں نے بوسنیا پر پہلا حملہ 1386ء میں شاہ تورتکو کے عہد میں کیا۔ دوسرا حملہ 1388ء میں کیا گیا' لیکن ترکوں کو شکست اٹھانا پڑی۔ دوسرے ہی سال بوسنیا کی فوج نے سربیا کے حاکم لازار کی قیادت میں جنگِ قوصوہ میں حصہ لیا۔ جنگ کے دوران میں سلطان مراد کو بہت شدید زخم آیا' جو جان لیوا ثابت ہوا' لیکن شہزادہ بایزید فتح پانے اور ڈیوک لازار کو گرفتار کرنے میں کامیاب ہو گیا۔ اس واقعے کے بعد ڈیوک کے جانشینوں نے ترکوں کی سیادت قبول کر لی۔ سربیا کے باجگزار ہو جانے سے بوسنیا کی حیثیت اور بھی کمزور ہوگئی اور اس کے بیشتر حصے پر آزاد امراء کا قبضہ ہو گیا۔

1391ء۔ جب ترکوں نے سکوب فتح کیا تو ایک سرحدی علاقہ وجود میں آیا' جس کے ڈانڈے بوسنیا اور سربیا سے ملتے تھے۔ 1420ء میں جب شاہ ترتکو تانی نے اپنی تخت نشینی کے کچھ عرصہ بعد' ترک مسلمانوں کی سیادت تسلیم کر لی تو انہوں نے بوسنیا کے بادشاہوں کو بھی خراج ادا کرنے کا پابند کر لیا۔ ترکوں کا اثر آہستہ آہستہ بڑھتا چلا گیا۔ 1462ء میں جب بوسنیا کے بادشاہ نے خراج دینے سے انکار کر دیا تو ترکی فوج نے حملہ کر کے بوسنیا پر قبضہ کر لیا' لیکن تھوڑے عرصے کے بعد ہنگری کے بادشاہ نے بوسنیا پر چڑھائی کر کے بوسنیا کا ایک حصہ ہنگری میں شامل کر لیا۔

بوسنیا کے پہلے سنجاق (صوبے) کا گورنر بے محمد بے منت اوغلو تھا۔ 1469ء میں ہرزیگووینا کی سنجاق کی بنیاد پڑی اور اس کا بقیہ حصہ ترکوں نے 1483ء میں فتح کیا۔ بوسنیا کی سنجاق کا صدر مقام سراجیو میں تھا' جہاں سولہویں صدی کے وسط میں گورنر بے غازی خسرو نے نہایت شاندار مساجد اور عمارات تعمیر کرائیں۔ 1520ء میں خسرو وہاں حاکم سنجاق کی حیثیت سے آیا۔ اس زمانے میں سراجیو کا شہر ایک وسیع اور اہم مقام کی حیثیت اختیار کر گیا تھا۔

1580ء میں بوسنیا کی ایالت (سنجاق سے بڑی یونٹ) تشکیل دی گئی اور اس کا صدر مقام بنالوقہ مقرر ہوا جو سات سنجاقوں پر مشتمل تھا۔ ہرزیگووینا کا نام اسی صدی کے وسط سے شروع ہوتا ہے' جب ایکا میر نے اپنے دور کے شاہِ بوسنیا کے خلاف علمِ بغاوت بلند کیا اور اپنی خودمختاری کا اعلان کیا۔ بعد میں یہ علاقہ ہرزگ کی سرزمین (ہرزیگووینا) کہلانے لگا۔

جب ترکوں نے بوسنیا فتح کر لیا تو پھر انہوں نے یہاں اپنا معاشرتی اور تمدنی نظام بھی رائج کیا جو سختی سے ایک مرکزی حکومت اور ان کے عسکری اور جاگیرداری آئین پر مشتمل تھا۔ اس زمانے میں بوسنیا میں اسلام کی خوب ترویج و اشاعت ہوئی۔ اسلام کو تمام طبقوں' کسانوں' جاگیرداروں اور عام شہریوں میں بڑی سرعت کے ساتھ پھیلنے' فروغ و استحکام حاصل کرنے میں بڑی مدد ملی' اور چونکہ اُمرائے بوسنیا و ہرزیگووینا نے اکٹھے اسلام قبول کیا تھا' اس لیے انہیں اپنی جاگیریں بدستور برقرار رکھنے کی اجازت دے دی گئی۔ چرم سازی' زرگری اور اُن صنعتوں میں' جن کا تعلق عسکری ساز و سامان تیار کرنے اور شہریوں کی عام اشیائے صرف فراہم کرنے سے تھا' بہت زیادہ ترقی ہوئی۔ شہروں میں

مساجد، دینی مدرسے اور تکیے کثرت سے تعمیر ہوئے۔ نیز کتب خانے قائم ہوئے جو مسجدوں اور مدرسوں سے ملحق ہوتے تھے۔ الغرض یہ شہر ترکی ثقافت کے مرکز اور اسلام کے رکنِ رکین بن گئے۔

بوسنیا کے انتظامی ڈھانچے اور حدود نے اٹھارہویں صدی کے آغاز میں جو سنگین صورت اختیار کر لی تھی، اس صدی کے اواخر تک اس میں کوئی ردّ و بدل نہیں ہوا، لیکن اٹھارہویں صدی کے وسط میں ترکی کی نئی اصلاحات نے بوسنیا کے مسلمانوں میں سخت اشتعال پیدا کیا اور اس بناء پر شورشیں اور بغاوتیں اٹھ کھڑی ہوئیں۔ ان بغاوتوں اور شورشوں کے ساتھ ساتھ انیسویں صدی کے وسط میں کسانوں کی باغیانہ شورش کا ایک نیا سلسلہ شروع ہو گیا۔ 1875ء میں ایک بڑی بغاوت کا آغاز ہوا، جس میں عیسائی کسانوں کے پہلو بہ پہلو آغاؤں اور ان کے بیٹوں نے بھی حصہ لیا۔ اس بغاوت کے موقع پر یورپی ممالک نے، جو ہمیشہ ترکی کے خلاف اپنی پرانی دشمنی کا بدلہ اتارنے کے موقع کی تلاش میں رہتے تھے، مداخلت کر کے ترکی کے خلاف مخاصمانہ اقدامات کیے۔ بالآخر یورپی ممالک اور ترکی کے مابین ایک معاہدے کے تحت قرار پایا کہ ترکی بوسنیا و ہرزیگووینا کو مکمل خود مختاری دے گا۔

چنانچہ 1878ء میں روس اور ترکی کی دو سالہ جنگ کے خاتمے کے بعد بوسنیا اور ہرزیگووینا کو آسٹریا ہنگری سلطنت کی عمل داری میں دے دیا گیا۔ یہ دونوں صوبے اگرچہ سرکاری طور پر اب بھی سلطنت عثمانیہ کے حصہ تھے، لیکن 7/اکتوبر 1908ء کو ان کا باقاعدہ الحاق آسٹریا ہنگری سلطنت کے ساتھ کر دیا گیا۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ سربیا سے تعلقات میں کشیدگی پیدا ہو گئی جو عرصۂ دراز سے دونوں صوبوں کے حقِ ملکیت کا دعوے دار تھا۔ اسی کشیدگی کا نتیجہ تھا کہ 28/جون 1914ء کو ایک سرب قوم پرست جنونی نے آسٹریا کے بادشاہ ڈیوک فرانز فرڈی ننڈ کو قتل کر دیا۔ اس قتل کے نتیجے میں پہلی جنگ عظیم کا آغاز ہوا جو آئندہ چار سال 1918ء تک جاری رہی۔ جنگ کے خاتمے پر 26/اکتوبر 1918ء کو ایک نئی مملکت ''سرب، کروٹ اور سلوون مملکت'' کے نام سے بنائی گئی، جس کا نیا نام 1929ء میں ''یوگوسلاویہ'' رکھا گیا۔

جب دوسری جنگ عظیم کے دوران میں 1941ء میں جرمنی نے یوگوسلاویہ پر قبضہ کیا تو بوسنیا اور ہرزیگووینا کو کروٹیا کے حوالے کر دیا جو پہلے ہی جرمن نازیوں کے زیر تسلط تھا۔ بوسنیا اور ہرزیگووینا کے جاں بازوں نے، جن میں زیادہ تر مسلمان مجاہدین شامل تھے، نازیوں کی فسطائی فوج ''استاچی'' کے خلاف زبردست چھاپہ مار جنگ جاری رکھی۔

دوسری جنگ عظیم کے بعد ایک نیا کمیونسٹ ملک ''یوگوسلاویہ'' مارشل ٹیٹو کی سرکردگی میں بنایا گیا اور بوسنیا و ہرزیگووینا کو اس نئے ملک میں شامل کر دیا گیا۔

1980ء۔ مارشل ٹیٹو کی وفات کے بعد جب آہنی پردہ ہٹا اور معلوم ہوا کہ یوگوسلاویہ سخت اقتصادی بحران میں مبتلا ہے اور نسلی فسادات زوروں پر ہیں تو یوگوسلاویہ کا شیرازہ بکھر گیا۔

1991ء۔ دسمبر میں بوسنیا و ہرزیگووینا نے یوگوسلاویہ سے آزادی اور خودمختاری کا اعلان کر دیا اور یورپی یونین سے اپنا اقتدارِ اعلیٰ تسلیم کروانے کا مطالبہ کیا۔

1992ء۔ مارچ کے ریفرنڈم میں بوسنیا و ہرزیگووینا کے عوام نے مکمل آزادی کے حق میں ووٹ دیا۔ صدر عزّت بیگووک نے آزادی کا اعلان کیا۔ یوگوسلاویہ کے دوسرے صوبوں کے برعکس یہاں کی صورتِ حال مختلف تھی۔ یہاں مسلمانوں کی آبادی تقریباً 50 فیصد تھی۔ سرب 30 فیصد اور کروٹ 17 فیصد تھے۔

ایک طرف تو مسلمانوں نے آزادی کا اعلان کر دیا' تو دوسری طرف سربیا اور کروٹ کے صدور نے خفیہ طور پر یہ مشترک منصوبہ بنا رکھا تھا کہ یوگوسلاویہ کے ختم ہونے کے بعد وہ بوسنیا کے حصے بخرے کر کے آپس میں بانٹ لیں گے۔ چنانچہ انہوں نے یوگوسلاویہ کی سرب فوج کی مدد سے بوسنیا ہرزیگووینا کے مسلمانوں پر جارحانہ کارروائی کی اور ان کا قتل عام شروع کر دیا۔ اگست 1992ء تک انہوں نے بوسنیا کا 60 فیصد سے زیادہ علاقہ فتح کر لیا تھا۔ بالآخر نیٹو (NATO) کی مداخلت شروع ہوئی۔ اور نیٹو کے طیاروں نے اگست اور ستمبر میں بوسنیا میں سربوں کے ٹھکانوں پر شدید بمباری کر کے انہیں فرار ہونے پر مجبور کر دیا' لیکن سرب فوجی فرار ہو کر یوگوسلاویہ واپس نہیں آئے' بلکہ وہ بوسنیا کے مختلف شہروں اور قصبوں میں گھس گئے جہاں انہوں نے ہزارہا مسلمانوں کا قتل عام کیا۔

1995ء۔ امریکہ نے اپنی ریاست اوہیو کے ایک شہر ڈیٹن کے مقام پر فریقین کے مابین ایک معاہدہ کرایا جو ''ڈیٹن معاہدہ'' کہلاتا ہے۔ اس معاہدے کے تحت ایک خودمختار مسلم کروٹ فیڈریشن بنائی گئی' جس میں سربوں کو بطور اقلیت تسلیم کر لیا گیا۔ اس معاہدے پر عمل درآمد کرانے کے لیے نیٹو کے ساٹھ ہزار فوجی تعینات کر دیے گئے۔

1996ء' ستمبر۔ ڈیٹن معاہدے کے تحت یہ بھی طے پایا تھا کہ تینوں نسلوں کی سہ رکنی صدارت بھی قائم ہوگی' جس میں ہر نسل کا منتخب لیڈر باری باری عہدۂ صدارت سنبھالے گا' لیکن عوامی انتخابات میں فتح حاصل کرنے کے بعد۔ چنانچہ ستمبر 1996ء کے انتخابات کے نتیجے میں مسلم بوسنہ لیڈر علیجاہ عزت بیگووک جیت گئے اور صدر مقرر ہو گئے۔

لیکن تین محارب نسلی گروپوں کا یہ زور زبردستی کا ''اتحادِ ثلاثہ'' کامیاب نہ ہو سکا۔ نسلی فسادات کا سلسلہ برابر جاری رہا اور امن وامان برقرار رکھنے والی مؤثر حکومت قائم نہ ہو سکی۔ سرب قوم پرستوں کا متعصب لیڈر راڈووان کاردزک مسلمانوں کا سخت دشمن ہونے کی وجہ سے ڈیٹن معاہدے کے بھی سخت خلاف تھا اور معاہدے کے نفاذ کے بعد اپنی سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے تھا۔ وہ نیٹو کی فوج کو پرکاہ کی اہمیت نہ دیتا تھا۔ تب نیٹو حکام نے سربوں کے خلاف ہزاروں مسلمانوں کے قتل عام اور ان کی اجتماعی قبریں بنانے کے الزام میں سخت اقدام کیا' اور ان میں سے بعض کو جنگی مجرم قرار دیا' جن میں اُن کا

لیڈر اور سابق صدر کا رد زک بھی شامل تھا۔ وہ فرار ہو گیا۔ نیٹو اور بالخصوص امریکہ کی سخت نگرانی کی وجہ سے نسلی فسادات اور خانہ جنگی ختم ہوئی۔

جنگ کے بعد کی ترجیحات میں پہلی ترجیح یہ تھی کہ دس لاکھ سے زیادہ مسلمان مہاجرین جو در بدر ہو کر دوسرے ملکوں میں پناہ لینے پر مجبور ہو گئے ہیں' ان کی بحالی کیونکر کی جائے؟ دوسری ترجیح یہ تھی کہ ایک مستحکم اور پائیدار حکومت کیونکر قائم کی جائے؟ امریکہ کے زیر اثر بین الاقوامی امدادی منصوبے کے تحت کروڑوں ڈالر کی امداد حاصل کی گئی' لیکن امداد کے ساتھ ساتھ افسروں کی مالی بدعنوانیوں کے معاملات کا بھی انکشاف ہوتا رہا' جس کے باعث بدنامی بھی بہت ہوئی۔

2001ء۔ اقوام متحدہ کے ایک ذیلی عدالتی ادارے ''انٹرنیشنل کریمنل ٹریبونل'' نے' جس کا صدر دفتر ہیگ' ہالینڈ میں ہے' 1994ء میں سابقہ یوگوسلاویہ کے جنگی مجرمین کے خلاف ایک مقدمہ دائر کر دیا تھا۔ 2001ء میں ایک سو سے زائد افراد کو جنگی مجرم قرار دے کر ان کے خلاف سزائیں سنائی گئیں۔ سرب جنرل راڈسلو کو 1995ء میں آٹھ ہزار بوسنی مسلمانوں کے قتل عام کا مجرم قرار دیا گیا۔ 1951ء سے اب تک' جب سے کہ یہ عدالت قائم ہوئی تھی' یہ قتل عام کا پہلا مقدمہ تھا جس میں سزا دی گئی تھی۔ 2001ء ہی میں سربیا کے سابق صدر سلوبوڈان میلوسویک کو بھی انسانیت کے خلاف سنگین جرائم کا سزاوار قرار دیا گیا۔

2002ء' جولائی میں دس سال کے بعد پہلی مرتبہ بوسنیا (جس میں ہرزیگووینا بھی شامل ہے)' کروٹیا اور یوگوسلاویہ کے صدور کی ملاقات ہوئی۔ ایک معاہدے کے تحت طے پایا کہ تینوں ممالک مل کر مہاجرین کی بحالی کے کام میں تعاون کریں گے' دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ایک دوسرے کی مدد کریں گے اور معاشی ترقی کے کاموں میں اشتراک کریں گے۔

2002ء' اکتوبر کے انتخابات میں سہ فریقی صدارت تین نسلی گروپوں میں منقسم تھی' یعنی جن کو باری باری منصب صدارت پر متمکن ہونا تھا: سربوں کا امیدوار ہرکو سیرووک' کروٹیوں کا امیدوار ڈریگن کووِک اور مسلمانوں کا امیدوار سلیمان تہک۔ انتخابات کے نتیجے میں عدنان ترزک وزیر اعظم مقرر ہوئے۔ سربوں کے امیدوار سیرووک ایوان صدر پہنچے' لیکن عراق کو ناجائز اسلحہ برآمد کرنے کے سکینڈل کے باعث انہیں اپریل 2003ء میں مستعفی ہونا پڑا۔ اس وقت سے اب تک کروٹیوں کے امیدوار ڈریگن کووِک صدر ہیں۔

یہ تو ہوئی یورپ کے کنارے پر واقع مسلم ملک بوسنیا کی مختصر تاریخ۔ یہ سوالات ابھی باقی ہیں کہ یہاں اسلام کیونکر پھیلا' اسلام قبول کرنے کے بعد نومسلموں نے اسلام سے اپنا وعدہ کیونکر نبھایا اور اپنا اسلامی تشخص کیونکر باقی رکھا؟

ان سوالوں کے جواب کے لیے ہمیں ''میثاق'' کے آئندہ شمارے تک جانا پڑے گا۔